بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
کوئٹہ
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE: 0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com
جلد نمبر 22 | منگل 22 ستمبر 2026 | 07 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 183

اسلام آباد کو بند کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی

عطاء تارڑ

بزدل دہشت گرد چھپ کر وار کر رہے ہیں، ہم سب مل کر دہشت گردی کے ناسور کو ختم کر کے دم لیں گے، کوہاٹ افسوسناک واقعہ کے وقت وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کہاں تھے؟ سہیل آفریدی سیاسی پوائنٹ سکورنگ کیلئے لاہور کی سڑکوں پر موجود تھے

ان کے پاس انتشار کی سیاست کا وقت ہے، اپنے صوبے کے عوام کیلئے وقت نہیں، اسلام آباد کو بند کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی، مسلح جتھے کو اسلام آباد کی طرف آنے نہیں دیا جائے گا، پی ٹی آئی والے کبھی پرامن نہیں رہے، پرامن احتجاج ان لوگوں کی روایت نہیں، پی ٹی آئی والوں سے حساب لیا جائے گا

کوہاٹ (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ بزدل دہشت گرد چھپ کر وار کر رہے ہیں، ہم سب مل کر دہشت گردی کے ناسور کو ختم کر کے دم لیں گے، کوہاٹ افسوسناک واقعہ کے وقت وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں صلاحیت ہر جگہ موجود، مواقع کو صلاحیتوں تک پہنچانا ہمارا مقصد ہے، امریکی ناظم الامور

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں امریکی ناظم

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ہنگو میں شہید ہونے والے فوجی افسروں اور جوانوں کی نماز جنازہ ادا

وزیر داخلہ محسن نقوی، گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی، کور کمانڈر پشاور، شہداء کے لواحقین اور سینئر سول و عسکری حکام شریک

پشاور (این این آئی) ہنگو میں خوارج سے فائرنگ کے تبادلے میں شہید ہونے والے پاک فوج کے شہداء کی نماز جنازہ پشاور میں ادا کر دی گئی۔ پاک

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن بلوچستان کے صوبائی صدر [illegible] پاکستان مسلم لیگ ن حیدر خان کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کوشش کی گئی تو سخت نتائج کا سامنا ہوگا

وزیر داخلہ

اس بار ایسا نہیں ہوگا لانگ مارچ آئے 10 یا 20 روز تک ملک بند رہے، حکومت اس بار مستقل لائحہ عمل بنائے گی

خیبر پختونخواہ میں شہداء کے جنازوں میں صوبائی حکومت کا کوئی رکن شریک نہیں ہوا، یہ بے حسی ہے، محسن نقوی کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ سے اسلام آباد پر دھاوا بولنے کے دعوے کیے جا رہے ہیں، جو بھی اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کوشش کرے گا اسے سخت نتائج کا سامنا کرنا پڑیگا، ابھی بھی وقت ہے، بند گلی میں نہ جائیں، ایسے طرز عمل سے اپنا اور اپنے لوگوں کا نقصان نہ کرائیں، خیبر پختونخواہ میں سکیورٹی کی صورتحال سب کے سامنے ہے، گزشتہ چند روز میں

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

محسن نقوی کی ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقات، پاک ایران تعلقات اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

ایرانی وزیر داخلہ کا علاقائی امن کے لیے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کوششوں پر اظہار تشکر

تہران (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تہران میں ایرانی وزارت داخلہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اپنے ایرانی ہم منصب اسکندر مومنی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور ایران کے دوطرفہ تعلقات، علاقائی صورتحال اور باہمی دلچسپی

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کے مستقبل کے ساتھ کسی کو کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

احسن اقبال

انتشار سے معاشی ترقی کا سفر متاثر ہوتا ہے، پی ٹی آئی کا ایک چھوٹا گروہ سڑکوں پر دینگا مشتی کرنا چاہتا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد کو سومنات بنانے کی سازش قوم مسترد کردے گی، پی ٹی آئی کے انتشاری ٹولے کی سیاست ہی سومنات بنے گی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے ترقی و منصوبہ بندی و اصلاحات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کے مستقبل کے ساتھ کسی کو کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، انتشار سے معاشی ترقی کا سفر متاثر ہوتا ہے، پی ٹی آئی کا ایک چھوٹا گروہ سڑکوں پر دینگا مشتی کرنا چاہتا ہے، اسلام آباد کو سومنات بنانے کی سازش قوم مسترد کردے گی، پی ٹی آئی کے انتشاری ٹولے کی سیاست ہی سومنات بنے گی، مانی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال ماہانہ ترقیاتی اپ ڈیٹ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

27 ستمبر کو پوری قوت کیساتھ پرامن احتجاج کرینگے، سہیل آفریدی

اپنے آئینی و جمہوری حق سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، تحریک انصاف نے تمام آئینی، قانونی اور جمہوری راستے آزما لیے، اب پرامن احتجاج کے سوا کوئی راستہ نہیں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی پریس کانفرنس

دو سال تک صبر کیا، اسمبلیوں، عدالتوں اور دیگر آئینی فورمز سے رجوع کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی، عمران خان اور تحریک انصاف کو دبانے کی تمام کوششیں ناکام ہوں گی، 27 ستمبر کو عوام کا سمندر نکلے گا، نہ دھمکیاں ہمیں خوفزدہ کر سکتی ہیں نہ دباؤ ہماری جدوجہد روک سکتا ہے

پشاور (آن لائن) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے گزشتہ کئی برسوں کے دوران اپنے تمام آئینی، قانونی اور جمہوری راستے اختیار کیے، وفاقی و پنجاب حکومت سے رابطے کیے، اسمبلیوں میں اپنا مقدمہ پیش کیا اور عدالتوں سے رجوع کیا، لیکن جب کسی سیاسی جماعت کو آئینی و قانونی راستوں سے انصاف نہ ملے تو پرامن احتجاج ہی اس کا آئینی حق اور آخری راستہ رہ جاتا ہے۔ 27 ستمبر کو ہم پوری قوت کے ساتھ پرامن احتجاج کریں گے اور اپنے اس آئینی و جمہوری حق سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ وزیراعلیٰ نے ان خیالات کا اظہار وزیراعلیٰ ہاؤس پشاور میں اہم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر قائم مقام چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر، سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر، پی ٹی آئی کے پارلیمنٹیرینز اور دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ 26 نومبر

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بھارت اور طالبان رجیم کا گھناؤنا چہرہ، بھارتی خفیہ ایجنسی را اور طالبان کی دہشتگرد نیٹ ورک انٹیلی جنس رپورٹ میں بے نقاب

را، طالبان جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اور طالبان قیادت پر مشتمل نیٹ ورک 2025 میں قائم ہوا

نئی دہلی (آن لائن) بھارت اور طالبان رجیم کا گھناؤنا چہرہ ایک بار پھر بھارتی خفیہ ایجنسی را اور طالبان کی دہشتگرد نیٹ ورک انٹیلی جنس رپورٹ میں بے نقاب ہو گیا۔ خفیہ تحقیقاتی رپورٹ میں دہشتگرد کارروائیوں کیلئے بھارتی خفیہ ایجنسی را، افغان انٹیلی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عالمی برادری جنگ کے بجائے مذاکرات کے ذریعے تنازعات کے حل کی راہ اختیار کرے، بلاول بھٹو

ایران امریکہ اسلام آباد امن ڈیل نے ثابت کیا کہ جنگ سے مکالمہ بہتر اور تنازع سے سفارت کاری زیادہ طاقتور ہے، پیغام جاری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے عالمی یوم امن کے موقع پر کہا ہے کہ عالمی برادری پرامن دنیا کی بنیاد مکالمے، سفارت کاری، انصاف اور ریاستوں کی خودمختاری کے احترام پر رکھے، دنیا کے مختلف خطوں

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان عالمی امن و سلامتی اور اقوام متحدہ کو مرکز بنا کر موثر و جامع کثیر جہتی نظام کیلئے پختہ عزم کا اعادہ کرتا ہے، محمد اسحاق ڈار

عالمی برادری اقوام متحدہ کے چارٹر کو برقرار رکھتے ہوئے بین الاقوامی قانون کا احترام اور تنازعات کے منصفانہ اور پائیدار حل کیلئے پرامن ذرائع سے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان بین الاقوامی امن و سلامتی اور اقوام متحدہ کو مرکز بنا کر ایک موثر اور جامع کثیر جہتی نظام کے لیے اپنے پختہ عزم کا اعادہ کرتا ہے، یہ دن ہم سب کے لیے ایک اہم یاد

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈائریکٹر زراعت سمیت 2 افراد جاں بحق

پولیس نے لاشیں سول ہسپتال منتقل کر کے تحقیقات شروع کر دیں

کوئٹہ (یو این اے) سریاب روڈ کے علاقے گرین ٹاؤن میں زمین کے تنازع پر فائرنگ کے نتیجے میں ڈائریکٹر زراعت غلام سرور سمیت دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ گرین ٹاؤن میں پیش آیا جہاں نامعلوم مسلح افراد نے ڈائریکٹر زراعت

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

آئل ٹینکرز کی قلت سے عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں بلند رہنے کا خطرہ پیدا ہو گیا

رواں ماہ ڈرون حملوں کے باعث سعودی عرب کی ایسٹ ویسٹ پائپ لائن بند ہونے سے خام تیل کی بڑی مقدار [illegible] کی طرف منتقل ہو گئی، امریکی اخبار

تہران/واشنگٹن (این این آئی) ایران جنگ نے تیل کی عالمی مارکیٹ میں ایک نیا بحران پیدا کر دیا ہے اور خام تیل کی جگہ اسے لے جانے والے بحری جہازوں کی قلت پیدا ہو گئی ہے۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل کی رپورٹ کے مطابق رواں ماہ

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوہاٹ، وفاقی وزیر برائے اطلاعات عطاء اللہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

23 ستمبر سے ایرانی ایئر لائنز پر عالمی پابندی ہوگی، امریکی وزیر خزانہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے کہا ہے کہ 23 ستمبر سے تمام ایرانی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

دیرپا امن مذاکرات، سفارت کاری، بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ منشور کی پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے، آصف زرداری

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ اقوام متحدہ منشور کی پاسداری، بین الاقوامی قانون کے احترام اور تنازعات کے پرامن ذرائع سے منصفانہ اور پائیدار حل کو فروغ دے کر اپنی ذمہ داری پوری کرے۔ پائیدار امن صرف مذاکرات، سفارت

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پنجگور میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی، 4 دہشتگرد ہلاک، سرفراز بگٹی کا خراج تحسین

آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت کارروائیاں جاری ہیں، دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پنجگور کے علاقے اپچان کوہ، پروم میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ کے مطابق آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پنجگور کے علاقے اپچان کوہ،

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم شہباز شریف 25 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کرینگے

وزیراعظم تنازعات کے پرامن حل، مکالمے، سفارت کاری اور تحمل کی ضرورت پر زور دیں گے اور عالمی صورتحال پر پاکستانی موقف پیش کریں گے

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف 21 سے 25 ستمبر تک نیویارک میں جنرل اسمبلی کے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے اور 25 ستمبر کو اعتماد کی بحالی، تبدیلی کا انتظام، ایک اقوام متحدہ جوہر کے لیے کام کرنے کے عنوان سے ہونے والے جنرل ڈیبیٹ سے خطاب کریں گے۔ نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے حوالے سے اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں 4 دہشتگرد ہلاک

دشت میرانی میں انسانی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے خواتین اور بچوں سمیت 58 غیر قانونی افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا گیا

سیکیورٹی فورسز نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت پنجگور کے علاقے اپچان کوہ، پروم میں دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سکیورٹی فورسز کی دہشت گردی اور غیر قانونی نقل و حرکت کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پنجگور کے علاقے اپچان کوہ، پروم میں کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 4 دہشت گرد ہلاک ہو گئے، جبکہ دشت میرانی میں انسانی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے خواتین اور بچوں سمیت 58 غیر قانونی افغان

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ہماری بھرپور کوشش ہے کہ ہمارے نوجوان نہ صرف اپنے مستقبل کو بہتر بنائیں، گورنر بلوچستان

[illegible]

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہماری اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے طلبہ یہ محسوس کریں کہ ان کی صلاحیت، ان کا علم اور ان کا مستقبل اسی سرزمین پر قدر و منزلت رکھتا ہے۔ ہماری بھرپور

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم جنرل اسمبلی میں کشمیر، فلسطین کے مسائل اٹھائیں گے، عاصم افتخار

کئی عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں کریں گے، ایپل کے ایگزیکٹو چیئرمین ٹم کک سے ملاقات کی بھی کوشش ہو رہی ہے، بریفنگ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے اپنے خطاب میں کشمیر اور فلسطین کے مسائل کو اجاگر کریں گے۔ وزیراعظم کے دورے کے حوالے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران جنگ کے جھٹکے مشرق وسطیٰ سے کہیں آگے تک محسوس کیے جا رہے ہیں، قطری وزیراعظم

مستقل سلامتی ایسے انتظامات کے ذریعے قائم نہیں کی جا سکتی جن میں کسی ریاست کو مستقل طور پر عدم تحفظ کا سامنا رہے

نیویارک (این این آئی) قطر کے وزیراعظم اور وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمن بن جاسم آل ثانی نے ریاستوں پر زور دیا ہے کہ وہ مشرق وسطیٰ میں سلامتی کے لیے خودمختاری کا احترام کریں۔ نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر قطر اکنامک

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کا اجلاس، وفاقی وزیر تعلیم کی عدم شرکت پر چیئرپرسن کا احتجاج

کمیٹی نے الخیر یونیورسٹی کے وائس چانسلر کو اپنے معاملات کے حل کے لیے عدالت سے رجوع کرنے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کا اجلاس چیئرپرسن سینیٹر بشریٰ انجم بٹ کی زیر صدارت ہوا، جس میں وفاقی وزیر تعلیم کی عدم شرکت پر چیئرپرسن نے احتجاج کرتے ہوئے مختلف یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز کی کارکردگی پر بھی شدید برہمی کا اظہار کیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر تعلیم کی عدم حاضری پر سینیٹر بشریٰ انجم بٹ نے کہا کہ کمیٹی

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

تشدد اور انتشار کا راستہ اپنانے والے پاک سرزمین کی ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں، مریم نواز

وزیراعلیٰ مریم نواز نے صوبہ بھر میں امن و امان کیلئے ہمہ وقت سرگرم عمل پولیس اور دیگر سکیورٹی فورسز کے جوانوں کو بھی سراہا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ تشدد اور انتشار کا راستہ اپنانے والے پاک سرزمین کی ترقی اور خوشحالی کے دشمن ہیں۔ انہوں نے امن کے عالمی دن کے حوالے سے اپنے پیغام میں قیام امن کے لئے سرحدوں کی حفاظت پر مامور افواج پاکستان کے افسروں اور اہلکاروں کے جذبے اور قربانیوں کو سلام پیش کیا۔

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پرامن اسلام آباد سپر لانگ مارچ جاری رہے گا' جماعت اسلامی پاکستان

حکومت عوام کو حقیقی ریلیف دینے کے لیے ٹھوس اقدامات کا اعلان کرے، نائب امیر لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو معاشی ریلیف دلانے کے لیے جاری ملک گیر پرامن احتجاج اسلام آباد سپر لانگ مارچ کی صورت میں اگلے مرحلے میں داخل ہو گیا ہے اور حکومت کی جانب سے ٹھوس اقدامات سامنے آنے تک احتجاج ختم نہیں کیا جائے گا۔ نائب امیر

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

KP سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں 37 دہشتگرد ہلاک متعدد دہشتگرد زخمی

پاک افغان سرحدی علاقے میں فتنہ الخوارج اور دہشتگردوں کے کیمپوں اور ٹھکانوں کو بھی نشانہ بنایا گیا، کارروائی میں 3 اہداف کو کامیابی سے تباہ کیا گیا، تباہ کیے گئے اہداف میں خودکش بمباروں کی تربیت کا مرکز بھی شامل تھا

کارروائی میں متعدد خودکش بمباروں سمیت 28 دہشتگرد ہلاک ہوئے، مراکز اور ٹھکانوں میں بڑی مقدار میں ذخیرہ اسلحہ و گولہ بارود بھی تباہ کر دیا گیا۔ پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن و استحکام برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے

پشاور (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع اور پاک افغان سرحدی علاقے میں بھارتی پراکسی یافتہ فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 37 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ وزارت اطلاعات کے مطابق خیبر پختونخوا میں حالیہ دہشتگرد حملوں کے بعد منظم اور جامع انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کی گئیں، سکیورٹی فورسز نے کوہاٹ، ہنگو اور ٹل کے علاقوں میں کارروائیاں کیں۔ صوبائی وزارت اطلاعات کے مطابق حملوں کی ذمہ دار دہشتگرد تنظیموں کے ٹھکانوں اور محفوظ پناہ گاہوں پر فضائی کارروائیاں کی گئیں، 20 ستمبر کو کوہاٹ اور ہنگو میں دہشتگردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کی گئی۔ وزارت اطلاعات کے پی کے مطابق کارروائی میں بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کے 9 دہشتگردوں کو ہلاک کیا گیا اور متعدد

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پنجگور میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی، 4 دہشتگرد ہلاک، معاون داخلہ بابر خان یوسفزئی کا خراج تحسین

کوئٹہ (یو این اے) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر خان یوسفزئی نے کہا ہے کہ پنجگور کے علاقوں

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ملک بھر میں ذیلی قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز، 3 کروڑ 10 لاکھ بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے، مصطفیٰ کمال

حکومت پاکستان وزیراعظم کی قیادت میں ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق کے ہمراہ ملک بھر میں ذیلی قومی انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر صحت اور وزیراعظم کی فوکل پرسن نے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ٹیک برآمدات میں 21 فیصد اضافہ، نصف سے زائد امریکا کو جا رہی ہیں، عالمی کمپنیاں پاکستان کا رخ کر رہی ہیں، شزہ فاطمہ خواجہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ پاکستان کے آئی ٹی و ٹیلی کام شعبے نے حالیہ برسوں میں غیر معمولی ترقی کی ہے اور ملکی ٹیک برآمدات میں سالانہ 20 سے 21 فیصد کی شرح سے مسلسل اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے، جس میں سے 50 فیصد سے زائد برآمدات براہ راست ریاستہائے متحدہ امریکا کو کی جا رہی ہیں جس کے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسرائیلی وزیر کا مسجد اقصیٰ پر دھاوا، مذہبی رسومات کی ادائیگی، سعودیہ اور قطر کی شدید مذمت

یہ اقدام ایک کھلی خلاف ورزی اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے سراسر اشتعال انگیزی ہے، سعودی وزارت خارجہ

مقبوضہ بیت المقدس (آن لائن) سعودی عرب اور قطر نے ایک اسرائیلی وزیر اور آبادکاروں کے گروپ کی جانب سے مسجد اقصیٰ کے احاطے میں دھاوا بولنے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ بیت المقدس گورنریٹ کے مطابق مقبوضہ مشرقی بیت المقدس

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی سطح پر متعلقہ لوگوں سے رابطے جاری ہیں، کشیدگی کم کرنے کی ضرورت ہے، بیرسٹر گوہر

پشاور (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ وفاقی سطح پر متعلقہ لوگوں سے رابطے جاری ہیں، گرفتاریاں صورتحال کو مزید سنگین کر دیں گی، اب وقت ہے کہ حالات کو مزید بگڑنے سے روکا جائے، کشیدگی کم کرنے کی ضرورت ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ گزشتہ رات سے وفاقی سطح پر متعلقہ لوگوں سے رابطے جاری ہیں اور گزشتہ ہونے والے واقعات سے متعلق اپنا

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران سے متعلق بڑے فیصلے کا وقت آ چکا، خطے میں بڑی تبدیلیاں ہونے والی ہیں، ٹرمپ

اس سے پہلے کہ ایران کو تباہ اور اس کی معیشت کو برباد کر دیا جائے اسے اپنا رویہ درست کرنا ہوگا، انٹرویو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ امریکا ایران جنگ سے متعلق فیصلہ کن مرحلے پر پہنچ چکے ہیں، خطے میں بڑی تبدیلیاں ہونے والی ہیں، ایران سے متعلق بڑے فیصلے کا وقت آ چکا ہے۔ امریکی ٹی وی سے گفتگو میں ڈونلڈ ٹرمپ

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

امریکا نے دوبارہ حملہ کیا تو اس بار ایسے نئے ہتھیار استعمال کریں گے کہ دنیا حیران ہو جائیگی، پاسداران انقلاب

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب فورس کے ترجمان جنرل حسین محبی نے کہا ہے کہ امریکا نے حملے دوبارہ شروع کیے تو جواب میں یقیناً ہتھیاروں اور جنگ کے جغرافیے میں تبدیلی کریں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے کہا کہ امریکا کی نئی جارحیت کا جواب نئے ہتھیاروں اور نئے اہداف سے دیا جائے گا، اس بار ایسے نئے ہتھیار استعمال کریں گے کہ دنیا حیران ہو جائے گی۔

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

احتجاج سیاسی جماعتوں کا جمہوری حق ہے تاہم احتجاج پرامن ہونا چاہیے، راجہ پرویز اشرف

تمام فریقین کو ٹھنڈے دل سے فیصلے کرنے چاہئیں، پارلیمان ہی وہ فورم ہے جہاں تمام معاملات پر اطمینان کے ساتھ اپنا موقف پیش کیا جا سکتا

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ جمہوریت میں احتجاج، دھرنا اور جلوس سیاسی جماعتوں کا جمہوری حق ہے تاہم احتجاج پرامن ہونا چاہیے اور اس کے نتیجے میں کاروبار زندگی متاثر نہیں ہونا چاہیے، تمام فریقین کو ٹھنڈے دل سے فیصلے کرنے چاہئیں جبکہ پارلیمان ہی وہ فورم ہے

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وطن عزیز پاکستان میں بین المسالک و بین المذاہب ہم آہنگی، پیغام پاکستان کا فروغ وقت کی اشد ضرورت ہے، مقررین

پاکستان تمام اقلیتوں کیلئے محفوظ اور پرامن جنت نظیر خطہ ہے، یہاں ہر مذہب کے ماننے والوں کو مکمل آزادی حاصل ہے

لاہور (این این آئی) لاہور کے مقامی ہوٹل میں انٹرفیتھ کونسل فار پیس اینڈ ہارمنی پاکستان کے زیر اہتمام مذہبی ہم آہنگی امن کانفرنس منعقد ہوئی، جس کی صدارت چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان، خطیب و امام بادشاہی مسجد لاہور و چیئرمین انٹرفیتھ کونسل فار پیس اینڈ ہارمنی پاکستان سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے کی۔ کانفرنس میں تمام ادیان

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی سپریم کورٹ آف پاکستان نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے نیشنل سکیورٹی ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ملک بارود کے ڈھیر پر پہنچ چکا ہے جبکہ حکمرانوں کو سیر و سیاحت سے فرصت نہیں

فضل الرحمن

افغانستان اور بھارت کے ساتھ سرحدیں بند کر دی گئی ہیں، چین کا اعتماد کھو چکا ہے اور ملک ایک محصور ریاست بن کر رہ گیا ہے

ہم اس حکومت کو اسٹیبلشمنٹ کی نمائندہ سمجھتے ہیں، اس لیے بات چیت ممکن نہیں، اگر نمائندہ حکومت ہو تو بات چیت ہو سکتی ہے

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت عوام کی نہیں بلکہ اسٹیبلشمنٹ کی نمائندگی کر رہی ہے۔ ملک بارود کے ڈھیر پر پہنچ چکا ہے جبکہ حکمرانوں کو سیر و سیاحت سے فرصت نہیں۔ پرامن احتجاج ہر سیاسی جماعت کا حق ہے۔ سوموار کو جمعیت علمائے اسلام (ف) کی جنرل کونسل کے دو روزہ اجلاس کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ جنرل کونسل اجلاس میں ملک اور خطے کی مجموعی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ دو صوبوں

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

لاپتہ افراد بازیاب کیے جائیں، جرائم میں ملوث افراد کو عدالتوں میں پیش کیا جائے

سردار اختر مینگل

بلوچستان میں اب مصالحت کی گنجائش نہیں، مسلح افراد ہتھیار ڈال بھی دیں تو مسئلہ حل نہیں ہوگا، اپنے دور وزارت اعلیٰ میں تعلیم پر بھی توجہ دی، بی این پی سربراہ

اسی نوعیت کے الزامات ان کے والد سردار عطاءاللہ مینگل اور خود ان پر بھی عائد کیے جاتے رہے ہیں، اور اب یہی الزام ان کے بیٹے پر بھی لگایا جا رہا ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں مصالحت کی گنجائش ایک وقت میں موجود تھی، تاہم اب حالات اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ مصالحتی کوششوں کی کامیابی ممکن نہیں رہی۔ ایک انٹرویو میں سردار اختر مینگل نے کہا کہ اگر مسلح افراد ان کے پاس آ کر ہتھیار ڈال بھی دیں تو اس سے بلوچستان کا مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ لاپتہ افراد

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

علیمہ خانم کے بعد نورین نیازی اور عظمیٰ خانم بھی گرفتار، 30 روز کیلئے نظر بند

علیمہ خانم کی رہائشگاہ سے انکی بہنوں، بھانجوں کو حراست میں لیا گیا، بکتر بند گاڑی کے ذریعے منتقل کیا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر کے احتجاج کی کال کے پیش نظر کریک ڈاؤن جاری ہے اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خانم کے بعد عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کو بھی گرفتار کر کے نظر بند کر دیا گیا۔ عظمیٰ خانم اور

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اقوام متحدہ میں ہماری شرکت امن، مکالمے اور ثالثی کے عزم کی تجدید ہے، سعودی عرب

مملکت خطے میں موجودہ پیش رفت کی روشنی میں بین الاقوامی اصولوں کی پاسداری کی ضرورت پر زور دیتی ہے، وزیر خارجہ

ریاض (این این آئی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے کہا ہے کہ رواں سال اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت سے مملکت کے اس طرز عمل کی عکاسی ہوتی ہے کہ یہ بین الاقوامی امن و سلامتی کی حمایت اور مکالمے و ثالثی کے فروغ

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

امریکا و ایران کے درمیان مذاکرات کی گنجائش اب بھی ہے، امریکی تجزیہ کار

واشنگٹن (این این آئی) ریپبلکن اسٹریٹجسٹ اور سابق وائٹ ہاؤس و قومی سلامتی کے عہدیدار مارک فائفل نے کہا ہے کہ امریکا اور ایران دونوں اب بھی معاہدے کے لیے آمادہ ہیں۔ عرب میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مارک فائفل نے کہا کہ سفارت کاری میں بعض اوقات یہ بھی اہم ہوتا ہے کہ مذاکرات کی میز سے کون سی شرائط ہٹا دی جاتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایرانی سکیورٹی چیف محسن رضائی نے امریکا سے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

روبینہ خالد سے ساجد حسین طوری، شاہ ذوالقرنین کی ملاقات، محنت کش طبقے کے مسائل پر تبادلہ خیال

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام مستحق اور کم آمدن والے خاندانوں کو سماجی تحفظ فراہم کرنے کیلئے اہم کردار ادا کر رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے سابق وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز ساجد حسین طوری اور پاکستان پیپلز پارٹی لیبر ونگ خیبر پختونخوا کے صدر شاہ ذوالقرنین نے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز میں

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عوام کسمپرسی کا شکار، حکمران عیاشیاں کر رہے ہیں

حافظ نعیم الرحمن

حکمران اپنی کرپشن، نااہلی کا بوجھ عوام پر منتقل کر رہے ہیں، ہمارا مطالبہ ہے پٹرولیم لیوی فی الفور ختم کی جائے

عوام کا پیسہ حکمرانوں کی عیاشیوں پر خرچ کیا جا رہا، ایک لیٹر پٹرول پر 135 روپے ٹیکس وصول کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں

سکھر (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ عوام سے بھاری ٹیکس وصول کر کے حکومت اپنی کرپشن، نااہلی اور شاہانہ اخراجات کا بوجھ غریبوں پر منتقل کر رہی ہے، پٹرولیم لیوی فوری طور پر ختم کی جائے، ایک لیٹر پٹرول پر 135 روپے ٹیکس وصول کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں، مہنگائی سے پسے عوام کا پیسہ حکمرانوں کی عیاشیوں پر خرچ کیا جا رہا ہے۔ سکھر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اسلام آباد مارچ میں ملک کے چاروں اطراف سے عوام شریک ہوں گے۔ حکومت

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ ڈاکٹر جمیل احمد محکمہ خزانہ کے سب اکاؤنٹنٹ کے پرموشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

شفافیت کو مضبوط بنایا جائے اور ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کی جائے، شعیب نوشیروانی

وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت بی آر اے کا جائزہ اجلاس، ٹیکس وصولی اور ڈیجیٹل نظام کو مزید موثر بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کا ماہانہ پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی اور محکمہ خزانہ کے متعلقہ حکام، بشمول سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ، نے شرکت کی۔ اجلاس میں چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے ٹیکس وصولی میں پیش رفت، جاری اصلاحات، فنانس ایکٹ میں کی گئی ترامیم کے محصولات پر اثرات اور ٹیکس وصولی میں مزید بہتری کے لیے تجاویز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ پیش کی۔ وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے ٹیکس وصولی اور اصلاحات کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ ٹیکس نظام میں شفافیت کو مزید مضبوط بنایا جائے اور ٹیکس دہندگان کو رجسٹریشن، ریٹرن فائلنگ اور ریٹرن جمع کرانے کے مراحل میں زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کی جائے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ٹیکس دہندگان کو بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2015 کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصراللہ بلوچ غلام حیدر کرد کے لواحقین کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

27 ستمبر کو باطل کیخلاف حق کی فتح ہوگی، سید صادق آغا

سیاسی اختلاف کو مقدمات اور ایف آئی آرز کے ذریعے دبانے سے مسائل حل نہیں ہوں گے، صوبائی نائب صدر

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو ہونے والا ملک گیر لانگ مارچ تحریک انصاف کے مطابق عوام کے آئینی، جمہوری اور سیاسی حقوق کے مطالبات کے اظہار کا ذریعہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنان اپنے قائد عمران خان کے سیاسی موقف اور جمہوری جدوجہد کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی اختلافات کو طاقت، مقدمات اور ایف آئی آرز کے ذریعے دبانے کی کوششیں سیاسی مسائل کے حل میں معاون نہیں بن سکتیں، بلکہ اس سے سیاسی بے چینی میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ ان کے مطابق سیاسی معاملات کو آئینی اور جمہوری طریقہ کار کے تحت حل کرنے کی ضرورت ہے۔

گوادر فش آکشن ہال طویل عرصے بعد دوبارہ فعال، سربندر جیٹی پر مچھلی کی باقاعدہ نیلامی شروع

گوادر (این این آئی) گوادر کے رکن صوبائی اسمبلی (ایم پی اے) مولانا ہدایت الرحمن اور گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمن خان نے سربندر فش لینڈنگ جیٹی میں گوادر فش آکشن ہال اور مال ہولڈنگ سیکشن کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر دونوں شخصیات نے مال ہولڈرز کو الاٹمنٹ آرڈرز بھی حوالے کیے۔ رپورٹ کے مطابق فش آکشن ہال اور مال ہولڈنگ سیکشن طویل عرصے سے غیر فعال تھے۔ جی ڈی اے کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمن خان کی ہدایات پر اب انہیں فعال کر دیا گیا ہے، اس کے ساتھ ساتھ مچھلی کی باقاعدہ نیلامی کا نظام بھی شروع کیا جا رہا ہے۔ اس اقدام کا مقصد سربندر کے ماہی گیروں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا، مچھلی کی خرید و فروخت کو منظم کرنا اور ماہی گیری کے شعبے کو مزید فروغ دینا ہے۔ باقاعدہ نیلامی کا نظام سربندر کے ماہی گیروں کو ان کے شکار کی بہتر اور مناسب قیمتیں حاصل کرنے میں مدد دے گا۔

جھل مگسی، ایس ایچ او کوٹ مگسی جاوید حسین آرائیں کی گاڑی کو حادثہ، ٹائر پھٹنے سے گاڑی الٹ گئی

دوران سفر جودھ پل کے قریب پیش آنے والے خوفناک حادثے میں ایس ایچ او زخمی، اللہ تعالیٰ سے صحت و سلامتی کی دعا

جھل مگسی (یو این اے) جھل مگسی کے علاقے میں کوٹ مگسی کے ایس ایچ او کی گاڑی کو دوران سفر ایک خوفناک حادثہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں ایس ایچ او کوٹ مگسی جاوید حسین آرائیں زخمی ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او جاوید حسین آرائیں کسی سلسلے میں سفر پر روانہ تھے کہ جب وہ جودھ پل کے قریب پہنچے تو اچانک ان کی گاڑی کا رفتار میں موجود ٹائر زوردار دھماکے کے ساتھ پھٹ گیا۔ ٹائر پھٹنے کی وجہ سے گاڑی بے قابو ہو گئی اور سڑک پر الٹ گئی۔ اس خوفناک حادثے کے نتیجے میں ایس ایچ او جاوید حسین آرائیں کو مختلف حصوں میں چوٹیں آئیں، تاہم غنیمت یہ رہی کہ وہ اس بڑے حادثے میں محفوظ رہے ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔

چین کیساتھ بڑھتا تجارتی فرق برآمدات میں اضافے کے نئے اقدامات کا متقاضی ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار، سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ، مضبوط اور اسٹریٹجک تعلقات میں تجارت کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ حکومت کی مؤثر تجارتی پالیسیوں کے نتیجے میں چین کو پاکستانی برآمدات میں نمایاں اضافہ خوش آئند ہے، تاہم دوطرفہ تجارت کو مزید متوازن بنانے کے لیے برآمدی صلاحیت بڑھانے کی کوششیں تیز کرنا ہوں گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جولائی اور اگست 2026 کے دوران چین کے ساتھ پاکستان کا تجارتی خسارہ بڑھ کر 3 ارب 77 کروڑ ڈالر ہوگیا۔

بیلا، سردار اختر انگاریہ کی پیپلز پارٹی میں شمولیت ضلع حب و لسبیلہ کی سیاست میں تاریخی پیش رفت ہے، ضلعی قیادت

وندر شمولیتی جلسہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، میر علی حسن زہری کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ

بیلا (یو این اے) وندر شمولیتی جلسہ اہمیت کا حامل ہے سردار اختر انگاریہ کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کا فیصلہ خوش آئند ہے شمولیت پر خیر مقدم کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی لسبیلہ کے ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ تحصیلی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر شا رونجھو اور ضلعی سیکرٹری اطلاعات و نشریات یوسف راہی نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے 20 ستمبر کو وندر میں ہونے والے شمولیتی جلسے کے انعقاد اور سردار اختر انگاریہ کی پیپلز پارٹی میں شمولیت پر دلی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے صدر آصف زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان اور پی پی بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر میر علی حسن زہری کی کاوشوں کو سراہا اور شمولیتی جلسے کو ضلع حب و ضلع لسبیلہ کی سیاست میں اہم اور تاریخی پیش رفت قرار دیا ہے۔

صحبت پور، ضلع بھر میں ایرانی تیل کی اسمگلنگ اور منشیات کے دھندے کا انکشاف، پولیس انسپکٹر کے سرپرستی کا دعوی

پٹ فیڈر کینال اور خفیہ راستوں سے بھتہ اور سپلائی کا اسکینڈل بے نقاب

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلع بھر میں ایرانی تیل کو پر لگ گئے پٹ فیڈر کینال آزاد کشمیر سمیت دیگر خفیہ راستوں سے پولیس کی انسپکٹر لیول کا افسر ایرانی تیل اور نان کسٹم گاڑیاں منشیات اندرون سندھ سے ملک بھر ترسیل کا انکشاف صحبت پور ایرانی تیل مختلف قیمت کہیں 350 تو کہیں پر تو کہیں پر 450 تو کہیں پر 300 روپے لیٹر نہ معیار نہ مقدار انتظامیہ بشمول پولیس اور ایکسائز کا وجود مشکوک رپورٹ کے مطابق ایرانی تیل کو صحبت پور ضلع بھر تحصیل چھور سیوری، تحصیل مانجھی پور، تحصیل حیردین تحصیل فرید آباد تحصیل جیا ایرانی تیل کو پر لگ گئے ہیں مختلف پمپ پر مختلف قیمت نہ معیار نہ مقدار 300 سے لیکر 450 تک فی لیٹر فروخت کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ دوسری جانب پولیس کے انسپکٹر رینک کا افسر اس سارے کام کی نگرانی کرتا ہے انکشاف ہوا ہے اسی پولیس انسپکٹر کی نگرانی میں پٹ فیڈر کے راستے آزاد کشمیر کھوسو کے خفیہ راستوں سے منشیات پان پراگ چرس آئس ایرانی تیل نان کسٹم گاڑیاں اندرون سندھ بہادر پور سے پورے ملک میں سپلائی کرتا ہے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر ان کے لواحقین سے تعزیت، فاتحہ خوانی کررہے ہیں

تربت سمیت ضلع کیچ میں امن و امان کی صورتحال مسلسل خراب ہے، غلام یاسین بلوچ

تربت (این این آئی) ضلع کیچ میں بدامنی، چوری، ڈکیتی، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری، مبینہ جبری گمشدگیوں، سڑکوں اور بارڈر پوائنٹس کی بندش، مبینہ غیر ضروری ٹیکسز اور تجارتی سرگرمیوں میں رکاوٹوں کے خلاف آل پارٹیز کیچ کے زیر اہتمام تربت میں احتجاجی ریلی نکالی گئی، جو تربت پریس کلب کے سامنے پہنچ کر احتجاجی جلسے میں تبدیل ہوگئی۔ ریلی میں سیاسی جماعتوں کے کارکنوں، تاجر برادری، کاروباری شخصیات، مزدوروں، طلبہ، سول سوسائٹی اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کی قیادت آل پارٹیز کیچ کے رہنماؤں فدا جان بلیدی، غلام یاسین بلوچ، ظریف زدگ، یونس جاوید، ڈاکٹر علی جان، ایڈووکیٹ مشکور انور، محمد جان دشتی، مولانا جاوید نعمانی، حاجی اسحاق روشن دشتی، نثار آدم جوسکی، کامریڈ گلزار دوست اور دیگر نے کی۔

کوئٹہ، بلوچستان پولیس کی ہیلپ لائن 1715 فعال، شہریوں کی شکایات اور فوری دادرسی کیلئے نمبر جاری

نامناسب رویے یا رشوت ستانی کی شکایات کے لیے شہری 1715، واٹس ایپ اور پی ٹی سی ایل نمبر پر رابطہ کریں، ترجمان پولیس

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان پولیس کی عوامی شکایات کے ازالے اور فوری مدد کے لیے ہیلپ لائن 1715 کو مکمل طور پر فعال کر دیا گیا ہے۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق شہری پولیس سے متعلق کسی بھی قسم کی عوامی شکایات اور فوری مدد کے حصول کے لیے 1715 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ ترجمان نے واضح کیا ہے کہ اگر کسی شہری کی ایف آئی آر یا باقاعدہ شکایت درج نہ ہو رہی ہو تو وہ فوری طور پر اس ہیلپ لائن پر اطلاع دیں۔ اس کے علاوہ پولیس اہلکاروں کے کسی بھی ناجائز یا نامناسب رویے اور رشوت یا بدعنوانی سے متعلق تمام شکایات بھی اسی پولیس ہیلپ لائن 1715 پر درج کرائی جا سکتی ہیں۔ ترجمان نے اس بات پر زور دیا ہے کہ شہری فوری نوعیت کی پولیس شکایات کے لیے بلاجھجک 1715 ڈائل کریں اور عوامی شکایات کی مانیٹرنگ و بروقت کارروائی کے نظام کو مؤثر بنایا جارہا ہے۔ شہریوں کی آسانی کے لیے متبادل رابطے کے نمبر بھی جاری کر دیے گئے ہیں۔

جھل مگسی، گنداواہ سٹی پولیس تھانہ کی حدود میں چوری کی واردات، موٹر سائیکل، بیٹری اور نقدی چوری

جھل مگسی (یو این اے) جھل مگسی کے علاقے گنداواہ سٹی پولیس تھانہ کی حدود میں چوری کی ایک واردات پیش آئی ہے، جہاں نامعلوم چوروں نے گزشتہ شب ایک شہری کو نشانہ بنایا۔ متاثرہ شہری نبی بخش دھکڑ کے مطابق چور رات کی تاریکی میں ان کے گھر یا مطلوبہ مقام سے 2023 ماڈل کی سی ڈی موٹر سائیکل، 115 وولٹ کی بیٹری، قیمتی موبائل فون اور نقدی چوری کر کے باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر گنداواہ پولیس نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کر لیے ہیں۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہیں، ظاہر شاہ کاکڑ

مہنگے پٹرول نے ٹرانسپورٹ کا پہیہ چلانا مشکل بنا دیا، کرایوں میں اضافہ ناگزیر ہوگا، وزیر خان

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ، پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے جنرل سیکرٹری وزیر خان، اقبال سرگرہ اور دیگر رہنماؤں نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ اضافہ پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام، ٹرانسپورٹرز، مزدوروں اور کاروباری طبقے کیلئے ناقابل برداشت بوجھ بن چکا ہے، پٹرول کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے۔ جس سے عام آدمی کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے براہ راست اثرات اشیائے ضروریہ، سفری اخراجات اور ہر شعبہ زندگی پر پڑتے ہیں، جبکہ ٹرانسپورٹرز کیلئے گاڑیوں کے اخراجات، اسپیئر پارٹس، ٹائرز، مرمت اور دیگر ضروریات پہلے ہی انتہائی مہنگی ہو چکی ہیں۔ موجودہ صورتحال میں ٹرانسپورٹ کا پہیہ چلانا بھی مشکل ہوتا جارہا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے مہنگائی کا نیا بوجھ ڈال رہی ہے۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو ٹرانسپورٹرز کیلئے موجودہ کرایوں پر سروس جاری رکھنا ممکن نہیں ہوگا، جس کے نتیجے میں مسافروں کو بھی مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری اور موثر کمی کرے، ٹرانسپورٹرز کیلئے خصوصی ریلیف پیکیج کا اعلان کیا جائے اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے حوالے سے ایسا نظام وضع کیا جائے جس سے عوام اور ٹرانسپورٹرز کو مسلسل بڑھتی ہوئی مہنگائی سے نجات مل سکے۔

ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کر سکتا، اقوام متحدہ میں امریکی سفیر

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں امریکی سفیر مائیک والٹز نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کر سکے اور اس مقصد کے لیے امریکا زیادہ سے زیادہ دباؤ کی پالیسی جاری رکھے گا۔ مائیک والٹز نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ اگر ایران نیک نیتی کے ساتھ مذاکرات کی میز پر واپس آتا ہے تو اس کے لیے دروازہ اب بھی کھلا ہے۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے ایک ویڈیو کلپ بھی شیئر کیا ہے، جس میں وہ نیویارک میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔ ویڈیو میں امریکی سفیر نے ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ کو 47 سال سے جاری تنازع کا تسلسل قرار دیا ہے۔

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بدامنی اور لاقانونیت عروج پر پہنچ چکی ہے

رٹ حکومت نام کی کوئی چیز دکھائی نہیں دے رہی، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان یاویزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بدامنی اور لاقانونیت عروج پر پہنچ چکی ہے اور رٹ حکومت نام کی کوئی چیز دکھائی نہیں دے رہی۔ شہر کے تھانوں کی کارکردگی پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اکثر پولیس اسٹیشنوں میں جرائم کی باقاعدہ ایف آئی آر درج نہیں کی جاتی بلکہ ابتدائی رپورٹ کے نام پر سائلین کو ٹرخا دیا جاتا ہے، جو عوام کے ساتھ کھلی زیادتی اور قانون کی خلاف ورزی ہے۔ ڈکیتی جیسے سنگین جرم کو معمولی چوری کی واردات میں تبدیل کرنا نہ صرف مظلوم کے ساتھ ناانصافی ہے بلکہ جرائم پیشہ عناصر کی حوصلہ افزائی اور جرائم کے اصل اعداد و شمار چھپانے کے مترادف ہے۔

حکومت اور پارلیمان کے درمیان تعمیری اور مسلسل رابطہ ضروری ہے، چیئرمین سینیٹ

صنعت کو خام مال تک رسائی، مالیاتی دباؤ، بدلتے ہوئے مارکیٹ حالات اور پالیسیوں میں تسلسل سمیت مختلف چیلنجز کا سامنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ ایک مضبوط آٹو موٹو انڈسٹری صرف گاڑیوں کی تیاری تک محدود نہیں ہوتی بلکہ روزگار کے مواقع، انجینئرنگ کی صلاحیتوں، ٹیکنالوجی کی منتقلی، مقامی پیداوار اور ملکی سپلائرز کے وسیع نیٹ ورک کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ہفتہ کے روز لاہور کے ایک مقامی ہوٹل میں پاکستان ایسوسی ایشن آف آٹو موٹو پارٹس اینڈ ایکسیسریز مینوفیکچررز کے زیر اہتمام پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو کی تقریب تقسیم انعامات و عشائیہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے آٹو موٹو اور انجینئرنگ کے شعبے سے وابستہ نمایاں شخصیات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایوارڈ حاصل کرنے والے تمام افراد مبارکباد کے مستحق ہیں، ان کی کامیابیاں انفرادی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ پاکستان کے آٹو موٹو اور انجینئرنگ سیکٹر کی استعداد، عزم، جدت اور پائیداری کی بھی عکاس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو میں نمائش کے لیے پیش کیے گئے پرزہ جات،

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بیوٹمز کیمپس اراضی کی الاٹمنٹ منسوخ کی جائے، انجینئر اسلم مندوخیل

بیوٹمز سٹی کیمپس کسی فرد یا حکومت کی نہیں، عوام اور آنے والی نسلوں کا قومی اثاثہ ہے

کوئٹہ (یو این اے) پختونخوا نیپ انجینئرز اینڈ آرکیٹیکٹس فورم کے سیکرٹری انجینئر اسلم مندوخیل نے بیوٹمز کے سٹی کیمپس کو کسی دوسرے سرکاری ادارے کے حوالے کرنے کے اقدام پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے تعلیمی، تکنیکی اور تحقیقی اثاثوں کو محدود کرنے کے فیصلے بلوچستان کے تعلیمی مستقبل کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیوٹمز صوبے کا ایک اہم اعلیٰ تعلیمی ادارہ ہے جہاں ہزاروں طلبہ و طالبات زیر تعلیم ہیں اور موجودہ ضرورت اس امر کی ہے کہ یونیورسٹی کو مزید جگہ، جدید لیبارٹریاں اور نئے تعلیمی و تحقیقی شعبے فراہم کیے جائیں، نہ کہ اس کے موجودہ کیمپس اور اثاثے کم کیے جائیں۔ انجینئر اسلم مندوخیل نے کہا کہ بیوٹمز سٹی کیمپس کے معاملے کے ساتھ ساتھ ماضی میں بھی صوبے کی کئی سرکاری اور تعلیمی زمینوں کے استعمال سے متعلق مختلف سوالات اٹھتے رہے ہیں۔ زرعی تحقیق کے لیے مختص اراضی کئی اداروں کو لیز پر دیے جانے، ایئرپورٹ روڈ پر واقع خان شہید انسٹی ٹیوٹ کی عمارت کو دیگر مقاصد کے لیے استعمال کرنے اور اسمبلی روڈ پر موجود سرکاری تعلیمی عمارتوں سے متعلق فیصلوں کا از سر نو جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی اور قومی اثاثوں کے استعمال کے فیصلے مکمل شفافیت، واضح قانونی طریقہ کار اور عوامی مفاد کو مدنظر رکھ کر کیے جانے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کے وسط میں تاریخی گرلز اسکول اور اس سے وابستہ تاریخی و مذہبی ورثے سے متعلق ماضی کے فیصلے بھی ہمارے اجتماعی تعلیمی اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کے حوالے سے سنجیدہ سوالات پیدا کرتے ہیں۔ ایسے تاریخی مقامات جو دہائیوں سے تعلیم اور بین المذاہب ہم آہنگی کی علامت رہے ہوں۔

نوشکی، ایک ماہ قبل اغوا ہونے والے میونسپل کمیٹی کے کونسلر جانان بڑیچ بازیاب

نوشکی (یو این اے) نوشکی سے ایک ماہ قبل مسلح افراد کے ہاتھوں اغوا ہونے والے میونسپل کمیٹی کے کونسلر جانان بڑیچ بازیاب ہوگئے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق جانان بڑیچ کو دو روز قبل بلوچستان کے علاقے قلات کے قریب مسلح افراد نے رہا کردیا، جس کے بعد وہ بحفاظت کوئٹہ پہنچ گئے اور اپنے رشتہ داروں کے ہاں موجود ہیں۔ واضح رہے کہ جانان بڑیچ کو تقریباً ایک ماہ قبل نوشکی کے مسجد روڈ سے مسلح افراد نے اپنی حراست میں لیا تھا، جس کے بعد ان کی بازیابی کے لیے اہل خانہ اور متعلقہ حلقوں کی جانب سے کوششیں جاری تھیں۔ جانان بڑیچ کی بازیابی پر اہل خانہ نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ان کی رہائی اور خیریت کے لیے فکرمند رہنے والے تمام خیر خواہوں کا شکریہ ادا کیا ہے۔

اوستہ محمد، زراعت کا بحران پاکستان کی معیشت کے لیے تباہ کن ہے

سرائیکی صوبہ قومی بنیادوں پر بنانے اور رائے احمد خان کھرل کو نصاب میں شامل کرنے کا مطالبہ

اوستہ محمد (یو این اے) کسان، مزارعہ، کھیت مزدور زندگی اور موت کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ چھوٹا مالک کسان بھی اب زمین کو آباد کرنے کے قابل نہیں رہا۔ حکومت نے پوری معیشت کو تباہی سے دوچار کردیا ہے، لیکن زراعت جو پاکستان کی معیشت کی بنیاد اور اکثریت آبادی کا گزر معاش ہے اسے تو جان بوجھ کر بحران میں مبتلا کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان کے مرکزی سیکریٹری جنرل کامریڈ امداد قاضی نے ضلع بہاولپور پنجاب کے مضافات رنگپور میں کمیونسٹ پارٹی اور پنجاب کسان کمیٹی کی طرف سے منعقدہ کسان کانفرنس سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے صوبائی صدر بلوچستان فرہاد رند و دیگر مرکزی و صوبائی قائدین نے خطاب کیا۔ امداد قاضی نے مزید کہا کہ حکمران پاکستان کے عوام پر آئے دن نیا ٹیکس خاص طور پر پیٹرولیم کی لیوی جو صرف اقتدار پر قابض ٹولے کی عیاشی پر خرچ ہوتی ہے، کا نیا بوجھ ڈال رہے ہیں، لیکن نہ تعلیم نہ علاج اور نہ ہی کوئی روزگار دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چولستان کی زمینیں سرمایہ دار کمپنیوں کو دے کر صدیوں سے آباد لوگوں کو اپنے آبا اجداد کی قبروں سے بھی محروم کر رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ چولستان کوئی کیک نہیں ہے۔

اوتھل، نیشنل پریس کلب کے سینئر نائب صدر عبدالحفیظ دانش کا لاسی ویلفیئر فاؤنڈیشن کا دورہ، فلاحی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال

اوتھل (یو این اے) نیشنل پریس کلب اوتھل کے سینئر نائب صدر و سینئر صحافی عبدالحفیظ دانش نے لاسی ویلفیئر فاؤنڈیشن کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے فاؤنڈیشن کے چیئرمین عرفان لاسی سے ملاقات کی اور علاقے میں فلاحی سرگرمیوں، عوامی مسائل اور سماجی خدمت کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر چیئرمین لاسی ویلفیئر فاؤنڈیشن عرفان لاسی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لاسی ویلفیئر فاؤنڈیشن اپنی مدد آپ کے تحت عوام کی خدمت میں مصروف عمل ہے۔ فاؤنڈیشن کی جانب سے ضرورت مند، مستحق اور غریب افراد کی حتی الامکان مدد کرنے کے لیے مختلف فلاحی اقدامات کیے جاتے ہیں جبکہ ایمبولینس نہ ہونے سے مسائل بھی بہت ہیں اور کسی مخیر حضرات سے ایمبولینس بھی دی جائے تاکہ لوگوں کو کراچی کی ہسپتال جانے میں آسانی ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ اوتھل میں لاسی ویلفیئر فاؤنڈیشن عوامی خدمت کے جذبے کے تحت کام کر رہی ہے، تاہم فاؤنڈیشن کو نہ تو کسی سرکاری ادارے کی باقاعدہ مالی معاونت حاصل ہے اور نہ ہی کسی سیاسی جماعت یا سیاسی شخصیت کی جانب سے مستقل تعاون فراہم کیا جاتا ہے۔

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے کارکردگی سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

تربت۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی ٹیچنگ ہسپتال تربت میں ایک بچے کو قطرہ پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کررہے ہیں

ایران نے امریکا کو جنگ کے خاتمے کیلئے نئی شرائط پیش کردیں

جب تک امریکا اپنی ذمے داریاں پوری نہیں کرتا، آبنائے ہرمز دوبارہ نہیں کھولی جائے گی، محسن رضائی

تہران (این این آئی) ایران کے سیکیورٹی چیف محسن رضائی نے امریکا کے ساتھ جنگ ختم کرنے کے لیے تہران کی نئی شرائط سامنے رکھ دیں۔ عرب میڈیا کو خصوصی انٹرویو میں محسن رضائی نے بتایا کہ ایران نے قطری ثالثوں کے ذریعے اپنی شرائط امریکا تک پہنچا دی ہیں، ایران جنگ کے ابتدائی 40 دنوں کے مقابلے میں اب زیادہ جنگی تجربہ رکھتا ہے اور امریکا کا زیادہ طاقت ور اور تکلیف دہ حملوں سے مقابلہ کیا جائے گا۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے بھی آبنائے ہرمز کی بندش برقرار رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک امریکا اپنی ذمے داریاں پوری نہیں کرتا، آبنائے ہرمز دوبارہ نہیں کھولی جائے گی۔ ایران کی نئی شرائط میں جنگ کا خاتمہ، دونوں ممالک کی خودمختاری کا احترام، ایک دوسرے کے اندرونی معاملات میں عدم مداخلت، بحری ناکہ بندی ختم کرنا اور ایران کے منجمد اثاثے بحال کرنا شامل ہیں۔ جون میں طے پانے والے مفاہمتی معاہدے میں جنگ کا تمام محاذوں پر خاتمہ، ایران کے لیے 300 ارب ڈالرز کے امریکی تعاون سے تعمیر نو کے منصوبے، ایرانی تیل کی

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بی این پی (عوامی) کے مرکزی ترجمان کی جانب سے ینگ لائرز ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر عالمگیر مندوخیل مبارکباد

وکلا معاشرے کا باشعور طبقہ ہیں، نئی قیادت نوجوان وکلا کے مسائل کے حل اور قانون کی بالادستی کیلئے کردار ادا کرے گی، انور بلوچ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی ترجمان انور بلوچ نے ینگ لائرز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں عالمگیر مندوخیل کو صدر اور اسرار جنگ کو جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے نومنتخب کابینہ کے تمام اراکین کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ینگ لائرز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں نوجوان وکلا کی فعال شرکت اور جمہوری طریقہ کار کے ذریعے اپنی نمائندہ قیادت کا انتخاب ایک حوصلہ افزا پیش رفت ہے۔ وکلا معاشرے کا ایک باشعور طبقہ ہیں جو آئین، قانون، انصاف اور شہری حقوق کے تحفظ کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں اس لیے نوجوان وکلا کی منظم اور متحرک قیادت مستقبل میں بھی مثبت اثرات مرتب کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمگیر مندوخیل، اسرار جنگ اور نومنتخب کابینہ کو ایک نئے اعتماد کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں سنبھالنی ہیں امید ہے کہ نئی قیادت نوجوان وکلا کو درپیش پیشہ ورانہ و انتظامی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ وکلا برادری کے درمیان باہمی تعاون، اتحاد اور پیشہ ورانہ ہم آہنگی کو بھی فروغ دے گی۔

صحبت پور، پولیس کی مبینہ زیادتیوں اور عدم توجہی سے تنگ شہری کا بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے بائیکاٹ کا اعلان

آئے روز چوریاں ہورہی ہیں، تھانے چکر کٹوائے جارہے ہیں، معذور بچے ٹھیک ہیں لیکن پولیو ٹیموں کو گھر نہیں آنے دیں گے، عرفان کھوسو

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور کی تحصیل جیا خان کی یونین کونسل روپا کے نواحی گاں ابوبکر کھوسو کے رہائشی محمد عرفان کھوسو نے پولیس کی بڑھتی ہوئی زیادتیوں، چوری کی وارداتوں پر عدم کارروائی اور تھانہ کلچر سے دل برداشتہ ہو کر انسداد پولیو مہم کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ محمد عرفان کھوسو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شدید دکھ اور غم و غصے کا اظہار کیا اور کہا کہ آئے روز ہمارے گاں میں چوریاں اور ڈکیتیاں ہو رہی ہیں، چور گھروں سے موٹر سائیکلیں اور سولر سسٹم تک اڑا کر لے جاتے ہیں جس کی وجہ سے ہم راتیں جاگ کر گزارنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ جب ہم انصاف کے لیے جاتے ہیں تو جیانی پولیس والے کہتے ہیں کہ فرید آباد جا، جبکہ فرید آباد والے کہتے ہیں کہ جیانی تھانے جا، اس کشمکش میں ہم جائیں تو کہاں جائیں۔ متاثرہ شہری نے سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے اعلان کیا کہ ہم نے تنگ آ کر فیصلہ کیا ہے کہ معذور بچے ٹھیک ہیں جو گھر سے باہر تو نہیں جاتے، اس لیے ہم نے اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے مکمل بائیکاٹ کر دیا ہے۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور علاقے میں امن و امان کی بحالی اور چوری شدہ سامان کی برآمدگی کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی ڈسٹرکٹ ہیلتھ گروپ کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

فرید احمد قمرانی کی صحافتی خدمات اور عوامی مسائل اجاگر کرنے کی کاوشیں قابلِ قدر ہیں، عادل حسین جمالی

گنداخہ، فرید احمد قمرانی پاکستان میڈیا کونسل ڈسٹرکٹ اوستہ محمد کے ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری منتخب، سیاسی و سماجی شخصیات کی مبارکباد

گنداخہ (یو این اے) سیاسی و سماجی رہنما عادل حسین جمالی، میر فہیم خان رند اور دیگر عوامی حلقوں نے گنداخہ کے سینئر صحافی تحصیل پریس کلب گنداخہ کے چیئرمین فرید احمد قمرانی کو پاکستان میڈیا کونسل ڈسٹرکٹ اوستہ محمد کا ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ فرید احمد قمرانی ایک متحرک، باصلاحیت اور ذمہ دار صحافی کی حیثیت سے عرصہ دراز سے علاقے کے عوامی مسائل، بنیادی سہولیات کی صورتحال اور دیگر اہم علاقائی امور کو صحافتی پلیٹ فارم کے ذریعے اجاگر کرتے چلے آ رہے ہیں۔ ان کی صحافتی خدمات اور عوامی مسائل کی نشاندہی کے حوالے سے کاوشیں قابل قدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میڈیا کونسل ضلع اوستہ محمد کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری کی اہم ذمہ داری سونپا جانا ان کی صحافتی صلاحیتوں اور خدمات پر اعتماد کا مظہر ہے۔ امید ہے کہ فرید احمد قمرانی اپنی نئی ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھاتے ہوئے تنظیم کو مزید فعال اور مؤثر بنانے، صحافی برادری کے مسائل کو اجاگر کرنے اور علاقائی عوام کی آواز متعلقہ حکام تک پہنچانے میں بھرپور کردار ادا کریں گے۔ سیاسی و سماجی رہنماؤں نے مزید کہا کہ مضبوط اور ذمہ دار صحافت معاشرے کے مسائل کی نشاندہی اور عوامی آواز کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

یونیورسٹی آف تربت میں تدریسی و انتظامی امور پر تنازع شدت اختیار کرگیا

تربت (این این آئی) یونیورسٹی آف تربت میں تدریسی و انتظامی امور پر تنازع شدت اختیار کرگیا۔ اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن (ASAUT) نے اپنے جائز اور قانونی مطالبات کے حق میں جاری پرامن احتجاج کو برقرار رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ شوکاز نوٹسز پر مشتمل سرکلر کو شدید تشویش کے ناقابل قبول ہے۔ ایسوسی ایشن کی جانب سے جاری بیان کے مطابق یونیورسٹی میں طویل عرصے سے اہم انتظامی عہدوں، بالخصوص رجسٹرار، ڈائریکٹر فنانس اور کنٹرولر امتحانات کو عارضی اور ایڈہاک بنیادوں پر چلایا جارہا ہے، جس سے ادارے کا انتظامی ساخت اور میرٹ بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔

اوتھل، آفتاب احمد لاسی کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) لسبیلہ تعینات ہونے پر سردارزادہ محمد آصف گنگو کی مبارکباد

فرزند لسبیلہ کی اپنے ضلع میں تعیناتی باعث مسرت ہے، نئی ذمہ داریاں میرٹ اور شفافیت کے ساتھ احسن طریقے سے نبھائیں گے

اوتھل (یو این اے) جام گروپ کے رہنما، سیاسی و قبائلی شخصیت سردارزادہ محمد آصف گنگو نے اپنے ایک بیان میں آفتاب احمد لاسی کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) لسبیلہ تعینات ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فرزند لسبیلہ کی اپنے ہی ضلع میں اہم انتظامی عہدے پر تعیناتی اہل لسبیلہ کے لیے باعث مسرت اور اطمینان ہے۔ انہوں نے کہا کہ آفتاب احمد لاسی نے اپنے سرکاری کیریئر کے دوران مختلف انتظامی عہدوں پر فرائض انجام دیتے ہوئے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، محنت اور انتظامی قابلیت کا عملی مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے بطور تحصیلدار خدمات انجام دینے کے بعد اسسٹنٹ کمشنر قلات اور اسسٹنٹ کمشنر اوتھل کی حیثیت سے بھی ذمہ داریاں نبھائیں، جہاں انہوں نے مختلف انتظامی امور کو احسن انداز میں انجام دیا۔

نصیر آباد، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائیگا، ایکسین بوستان خان چانڈیو

بہتر سڑکیں تجارت، زراعت اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں

چھتر (یو این اے) نصیر آباد میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائیں گے بہتر سڑکیں تجارت، زراعت اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، عوام کو معیاری سفری سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے ایکسین مواصلات و تعمیرات نصیر آباد بوستان خان چانڈیو تفصیلات کے مطابق ایکسین مواصلات و تعمیرات روڈز نصیر آباد بوستان خان چانڈیو نے کہا ہے کہ ضلع نصیر آباد میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ تعمیراتی کاموں کے معیار کو یقینی بنایا جا رہا ہے، عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی محکمہ مواصلات و تعمیرات کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ مواصلات و تعمیرات کا شعبہ ضلع نصیر آباد کی ترقی میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے، بہتر اور پائیدار سڑکیں نہ صرف مختلف علاقوں کو ایک دوسرے سے منسلک کرتی ہیں بلکہ تجارت، زراعت، روزگار اور دیگر معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ سڑکوں کے بہتر انفراسٹرکچر سے عوام کو آمد و رفت میں سہولت کے ساتھ زرعی پیداوار اور تجارتی اشیا کی بروقت نقل و حمل میں بھی آسانی پیدا ہوتی ہے۔

قلات، نیشنل پارٹی ایک نظریاتی جماعت ہے، تنظیمی عمل کو مزید تیز کیا جائیگا، کامریڈ ظہور بلوچ

قلات (یو این اے) نیشنل پارٹی ایک نظریاتی سیاسی جماعت ہے، تنظیمی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا صوبائی و ضلعی قائدین کا قلات میں سینئر باڈی اجلاس سے خطاب، تفصیلات کے مطابق نیشنل پارٹی ضلع قلات کی سینئر باڈی کا ایک اہم اور فکری اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر کامریڈ ظہور بلوچ منعقد ہوا۔ اجلاس کے مہمان خاص نیشنل پارٹی کے صوبائی فنانس سیکرٹری میر اشرف علی مینگل تھے، جبکہ قلات ڈویژن کے رہنما ایڈووکیٹ حمید بلوچ نے بطور اعزازی مہمان شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع قلات، تحصیل اور خواتین فورم کی کابینہ کے عہدیداروں نے شرکت کی اور تنظیم کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنی اپنی تنظیمی کارکردگی رپورٹ پیش کیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی و ضلعی قائدین اور دیگر مقررین ضلعی جنرل سیکرٹری عبدالرحمن سرپرہ تحصیل قلات کے جنرل سیکرٹری حفیظ ساسولی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حسن بلوچ کے ہمراہ پریس سیکرٹری مقبول گل محمد ہی شعیب مقبل خواتین ونگ کی سیکرٹری میڈم شازیہ اکبر زہری صدر فرزانہ حسین نے کہا کہ نیشنل پارٹی ایک منظم، جمہوری اور نظریاتی سیاسی پارٹی ہے۔

قلات، خان میر احمد یار خان پریس کلب کا اہم اجلاس، صحافتی اور علاقائی مسائل کے حل پر زور

پریس کلب کے انتظامی امور کو بہتر بنانے، عوامی مشکلات اجاگر کرنے اور مثبت صحافت کے فروغ کے عزم کا اعادہ

قلات (یو این اے) خان میر احمد یار خان پریس کلب قلات کا اہم اجلاس، صحافتی و علاقائی مسائل پر تفصیلی غور، خان میر احمد یار خان پریس کلب قلات کا ایک اہم اجلاس صدر پریس کلب میر شادی خان مینگل کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں جنرل سیکرٹری میر غلام حسین شاہوانی نے پریس کلب کے مختلف امور سے متعلق متعدد ایجنڈے پیش کئے، اجلاس میں سینئر نائب صدر فیض نیچاری، ڈپٹی جنرل سیکرٹری یوسف مینگل، نائب صدر اول آغا قادر شاہ، نائب صدر عبداللہ لہڑی، آفس سیکرٹری عبدالواحد دہوار، پریس سیکرٹری امجد سلامی، آڈیٹر مقبول شاہوانی نے شرکت کی، اجلاس کے دوران پریس کلب کے مختلف مسائل، انتظامی امور اور صحافیوں اور پریس کلب کو درپیش مشکلات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا، عہدیداران نے پریس کلب کو درپیش مسائل پر اظہار خیال کرتے ہوئے ان کے حل کے لئے مختلف تجاویز پیش کیں۔

اوتھل، ضلع لسبیلہ میں محکمہ تعلیم کے ریٹائرڈ افسران کی الوداعی تقریب، SESA کابینہ کی حلف برداری

تعلیمی افسران کی خدمات کو خراج تحسین، SESA کابینہ کے اراکین نے تعلیم کے فروغ اور اساتذہ کے مسائل کے حل کا عزم دہرایا

اوتھل (یو این اے) ضلع لسبیلہ محکمہ تعلیم کے ریٹائرڈ آفیسران کی الوداعی تقریب اور SESA کابینہ کی حلف برداری۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ میں محکمہ تعلیم کے ریٹائرڈ آفیسران کے اعزاز میں الوداعی تقریب اور SESA کابینہ لسبیلہ کی حلف برداری کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں محکمہ تعلیم سے وابستہ افسران، اساتذہ، سماجی شخصیات اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے ریٹائرڈ تعلیمی افسران کی طویل عرصہ تک محکمہ تعلیم کے لیے انجام دی جانے والی خدمات کو سراہا اور کہا کہ انہوں نے اپنی ذمہ داریاں محنت، دیانتداری اور لگن کے ساتھ نبھائیں۔ شرکاء نے ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تقریب کے دوسرے مرحلے میں SESA کابینہ لسبیلہ کی حلف برداری کی گئی۔ اس موقع پر کابینہ کے اراکین نے تعلیم کے فروغ، اساتذہ کے مسائل کے حل، تعلیمی معیار کی بہتری اور طلبہ کے لیے بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

کوئٹہ ویسٹ کا ضلعی ہیڈ کوارٹر سریاب روڈ سے منتقل کرنے کی کوشش زمینی حقائق کے منافی ہے، نکری نظر محمد مینگل

سریاب کی آبادی کچلاک سے زیادہ ہے، ہیڈ کوارٹر کی منتقلی سے عوام کو مشکلات کا سامنا ہوگا، بی این پی عوامی کا اظہار تشویش

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی سینئر نائب صدر نکری نظر محمد مینگل نے کوئٹہ ویسٹ کے ضلعی ہیڈکوارٹر کو سریاب روڈ سے کسی دوسرے مقام پر منتقل کرنے سے متعلق دائر کی گئی آئینی درخواست پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع کی انتظامی حدود اور ہیڈکوارٹر کے تعین کا فیصلہ کسی ایک علاقے کے مفاد یا محدود آبادی کے تناظر میں نہیں بلکہ پورے ضلع کی مجموعی آبادی، جغرافیائی محل وقوع، عوامی رسائی، سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے اور انتظامی ضروریات کو مدنظر رکھ کر کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 2023 کی سرکاری مردم شماری کے اعداد و شمار کے مطابق سریاب سب ڈویژن کی آبادی 561,265 ہے جو کچلاک کی سرکاری طور پر درج شدہ آبادی سے نمایاں طور پر زیادہ ہے۔ کچلاک کی آبادی کے حوالے سے سرکاری مردم شماری کے مختلف جدولوں میں اعداد میں فرق موجود ہے تاہم دونوں حوالوں میں سریاب کی آبادی کچلاک سے زیادہ بنتی ہے۔ اس لیے محض آبادی کے نامکمل یا غیر درست اعداد کو بنیاد بنا کر سریاب جیسے بڑے اور گنجان آباد علاقے کو کوئٹہ ویسٹ کے انتظامی مرکز سے دور کرنے کی کوشش زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتی۔ انہوں نے کہا کہ سریاب محض ایک رہائشی علاقہ نہیں بلکہ کوئٹہ شہر کا ایک وسیع گنجان آباد اور انتہائی اہم شہری خطہ ہے۔

صوبائی حکومت زیارت دھرنا کمیٹی کے ساتھ کیے گئے تحریری معاہدے پر فوری عملدرآمد یقینی بنائے، آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات و سابق وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ سے نسیم خان کی سربراہی میں زیارت دھرنا کمیٹی اور شہدا کے لواحقین کے وفد نے کشانی ہاؤس میں ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ وفد نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی قائد سردار اختر جان مینگل، آغا حسن بلوچ اور پارٹی کے زیارت دھرنا کمیٹی اور شہدا کے لواحقین کے ساتھ اظہار یکجہتی اور ثابت قدمی سے ساتھ دینے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔

عوام کیلئے تیل سستا کرنا میری ذمہ داری ہے، علی پرویز ملک

عالمی تیل منڈیوں میں بھونچال آیا ہوا ہے، کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر قیمتوں، سپلائی پر اثر پڑ رہا ہے، وزیر پٹرولیم

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ ریاست کے مفادات کے تحفظ کے لیے جو کچھ کرنا پڑا کریں گے، عوام کے لیے تیل سستا کرنا میری ذمہ داری ہے، توانائی شعبے کے فیصلے قومی مفاد اور ملکی ضروریات کے مطابق کیے جا رہے ہیں، موجودہ صورتحال میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدام کیا جارہا ہے۔ فرانس میں تیل نایاب ہو چکا ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ذمہ دار حکومت کی حیثیت سے عوام کو تیل کی فراہمی یقینی بنائی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عالمی تیل منڈیوں میں بھونچال آیا ہوا ہے، کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں اور سپلائی پر اثر پڑ رہا ہے، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں 90 فیصد جبکہ پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 50 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ میں بھی ڈیزل کا گیلن 6 ڈالر سے بڑھ چکا ہے، فرانس میں پمپس پر پٹرول کی قلت ہوگئی ہے، ڈیزل کی قیمت 2 یورو 40 سینٹ سے بڑھ چکی ہے۔ ایران جنگ شروع ہونے سے پہلے پاکستان میں پٹرول کی قیمت 260

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کو محکمہ صحت کی جانب سے عوام کو فراہم کردہ طبی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی جارہی ہے

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY SABA-Quetta
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL:sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

پاکستان میں صلاحیت ہر جگہ موجود ہے

ملک میں کہیں نہ کہیں کوئی فرد ایسی کمپنی کے قیام کا خیال پیش کر رہا ہے جو مستقبل میں سینکڑوں افراد کو روزگار فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے باصلاحیت افراد کو اپنے خیالات پر عملی کام شروع کرنے کے لیے مناسب مواقع اور پلیٹ فارم فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار انوویشن ہائیو کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ امریکی ناظم الامور کے مطابق انوویشن ہائیو ایسے افراد کے لیے ایک جگہ اور پلیٹ فارم فراہم کر رہا ہے جو اپنے کاروباری خیالات کو عملی شکل دینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ انوویشن ہائیو، امریکی تعلیمی و فنی تبادلے کے شراکت دار ادارے، امریکی سفارتخانے، امریکی کاروباری اداروں اور سرمایہ کاروں کے درمیان شراکت داری کا نتیجہ ہے، جس کا مقصد پاکستانی اسٹارٹ اپس اور کاروباری افراد کو ترقی کے لیے ضروری وسائل، روابط اور رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ امریکی ناظم الامور نے کہا کہ پاکستان میں صلاحیت ہر جگہ موجود ہے، لیکن مواقع ہمیشہ ان صلاحیتوں تک نہیں پہنچ پاتے۔ انوویشن ہائیو کا مقصد اسی خلا کو پُر کرنا اور باصلاحیت پاکستانیوں کو اپنے خیالات اور کاروباری منصوبوں پر کام کرنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے لاہور میں ایک ایسے پاکستانی اسٹارٹ اپ سے ملاقات کا حوالہ بھی دیا جو کوڈنگ اور مصنوعی ذہانت کے جدید ذرائع تیار کر رہا ہے۔ ان کے مطابق اس اسٹارٹ اپ کے تیار کردہ ذرائع امریکہ کی بڑی کمپنیوں کو زیادہ مؤثر انداز میں کام کرنے میں مدد دے رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ انوویشن ہائیو بھی ایسے ہی پاکستانی اسٹارٹ اپس کی معاونت کے لیے قائم کیا گیا ہے۔ امریکی ناظم الامور نے کہا کہ پاکستانی کاروباری افراد میں عزم، محنت اور تخلیقی صلاحیت کی کوئی کمی نہیں۔ انوویشن ہائیو ان کی صلاحیت اور عزم کو کاروبار، شراکت داری اور مستقبل کے مواقع میں تبدیل کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ انوویشن ہائیو منگل سے ہفتہ تک ہفتے میں پانچ دن کھلا رہے گا، جہاں کاروباری افراد کو تربیت، نیٹ ورکنگ اور امریکی ماہرین تک براہ راست رسائی حاصل ہوگی۔ ان کے مطابق پہلے سال کے اختتام تک ہائیو کے نیٹ ورک میں 250 سے زائد امریکی تربیت کاروں کی شمولیت متوقع ہے، جبکہ یہ پلیٹ فارم 50 سے زائد اعلیٰ کارکردگی کے حامل کاروباری افراد کی معاونت کرے گا۔ اسی طرح تصوراتی مرحلے پر موجود 500 سے زائد کاروباری افراد کو بھی معاونت فراہم کی جائے گی، جبکہ کاروبار شروع کرنے میں دلچسپی رکھنے والے ایک ہزار سے زائد افراد کو انوویشن ہائیو سے مدد ملے گی۔ امریکی ناظم الامور نے اینڈیور منصوبے کا بھی اعلان کیا، جس کے تحت امریکی حکومت 30 پاکستانی کاروباری افراد کے لیے پانچ لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی۔۔

خاموش تاریخ کے بولتے راز (1)

تاریخ کے اوراق میں بعض حقائق ایسے بھی دفن ہوتے ہیں جن پر دانستہ پردے ڈال دیے جاتے ہیں۔ کبھی سیاسی مصلحت کے نام پر، کبھی بااثر قوتوں کے مفادات کے تحفظ کے لئے اور کبھی اس خوف سے کہ ماضی کے کچھ فیصلے اگر پوری طرح آشکار ہو گئے تو طاقت کے ایوانوں میں سوالات اٹھ کھڑے ہوں گے۔ خاموشی کی ایسی تہیں کبھی کبھی اس قدر گہری ہو جاتی ہیں کہ حق کی

محمد معاذ قریشی

تلاش میں نکلنے والا انتہائی جستجو رکھنے والا شخص بھی برسوں بھٹکتا رہتا ہے، مگر وقت ایک ایسا بے رحم منصف ہے جو بالآخر پردوں کو چاک کر دیتا ہے۔ وہ راز جو ایک زمانے میں طاقت کے زور پر دفن کر دیے گئے ہوں، آنے والی نسلوں کے سامنے کسی نہ کسی صورت میں کھل جاتے ہیں۔ ایسی پوشیدہ حقیقتوں کے پیچھے اکثر افراد یا ریاستوں کے وہ اعمال چھپے ہوتے ہیں جنہیں عوامی نگاہ سے اوجھل رکھنا مقصود ہوتا ہے، یا جن کے مرتکب یہ جانتے ہیں کہ ان کا راز فاش ہونا ان کے لئے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ ہوائی کی تاریخ، جو آج بحرالکاہل میں واقع ایک دور افتادہ جزائر پر مشتمل امریکی ریاست ہے، اس حقیقت کی ایک نمایاں مثال پیش کرتی ہے۔ یہ ایک ایسی تاریخ ہے جس سے بہت سے لوگ واقف نہیں اور سچ تو یہ ہے کہ کچھ عرصہ پہلے تک میں خود بھی اس کے تمام پہلوؤں سے پوری طرح آگاہ نہ تھا۔ یہ داستان بتاتی ہے کہ ایک آزاد مملکت کس طرح اس کے جائز حکمران سے چھین لی گئی؛ نہ کسی آزادانہ رضامندی کے ذریعے، نہ کسی کھلے معاہدے یا خرید و فروخت کے نتیجے میں، بلکہ طاقت، دباؤ، سیاسی سازش اور مفادات کے ایک سوچے سمجھے امتزاج کے ذریعے اور ہمارے عہد میں بھی توسیع پسندانہ رجحان کی یہ خواہش پوری طرح ماند نہیں پڑی؛ کبھی دور دراز علاقوں کی طرف نگاہ اٹھتی ہے اور کبھی خلیج کے تیل سے مالا مال ساحلوں اور اس سے آگے کے خطوں کی طرف۔ 1893ء میں ہوائی ایک خود مختار مملکت تھی جس کی حکمران ملکہ للی یوکالانی تھیں۔ وہ غیر معمولی صلاحیتوں کی مالک اور اپنی رعایا میں مقبول حکمران تھیں۔ وہ پانچ زبانوں پر عبور رکھتی تھیں، گہری ذہانت کی حامل تھیں اور اپنے عوام کی فلاح و بہبود کو اپنی حکمرانی کا بنیادی مقصد سمجھتی تھیں لیکن ان جزائر میں ایسی نعمتیں بھی موجود تھیں جنہوں نے دور دراز طاقتوں کی نگاہیں اپنی جانب کھینچ لیں۔ زرخیز زمینیں، جہاں گنے اور اناناس کی وافر پیداوار ہوتی تھی اور بحرالکاہل میں ایک ایسا اہم بندرگاہی مقام جس کی تزویراتی قدر غیر معمولی تھی۔ امریکی مشنری اس سے پہلے ہوائی پہنچ چکے تھے۔ وہ اپنے ساتھ مذہبی تعلیمات تو لائے، مگر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انہوں نے قانونی طریقوں کے ذریعے زمینوں کے حصول کا ایک ایسا سلسلہ بھی قائم کیا جس میں نئے آنے والوں کو نمایاں فائدہ حاصل ہوا۔ ان مشنریوں کی اولاد اور امریکی و یورپی نسل سے تعلق رکھنے والے دوسرے کاروباری عناصر نے رفتہ رفتہ گنے کی صنعت پر غلبہ حاصل کر لیا۔ یوں ہوائی کی معیشت بڑی بڑی جاگیروں اور زرعی پیداوار پر منحصر ہوتی گئی، جبکہ ان کاروباری مفادات کے حامل طبقات نے وسیع اراضی پر قبضہ اور ریاستی معاملات میں غیر معمولی سیاسی اثر و رسوخ حاصل کر لیا۔ جب ملکہ للی یوکالانی نے مقامی بادشاہت کے اختیارات بحال کرنے اور 1887ء کے نام نہاد بایونٹ آئین کے اثرات کم کرنے کی کوشش کی، جو ان کے پیش رو پر طاقت کے زور پر مسلط کیا گیا تھا، تو زمیندار اور کاروباری اشرافیہ نے ”کمیٹی آف سیفٹی“ تشکیل دی۔ جنوری 1893ء میں اس گروہ نے مسلح ہو کر شاہی محل کو گھیر لیا۔ اس دوران امریکی وزیر جان ایل اسٹیونز نے امریکی بحری جہاز یو ایس ایس بوسٹن سے میرینز اور بحری فوجی اتارے۔ بظاہر یہ اقدام امریکی شہریوں اور املاک کے تحفظ کے لئے کیا گیا تھا، مگر ان مسلح دستوں کی موجودگی نے عملی طور پر ملکہ کے حامیوں کو خوف زدہ اور دباؤ میں مبتلا کر دیا۔ اپنے عوام کی جانیں خطرے میں ڈالنے کے بجائے ملکہ نے مزاحمت ترک کر دی۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ ”ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی برتر قوت“ کے سامنے اقتدار سے دستبردار ہو رہی ہیں، اس امید کے ساتھ کہ انصاف بالآخر ان کا تخت انہیں واپس دلا دے گا۔ اس کے فوراً بعد سانفورڈ بی ڈول کی سربراہی میں ایک عبوری حکومت قائم ہوئی، جسے امریکی نمائندے اسٹیونز نے تسلیم کر لیا۔

اومان میں سفیر پاکستان اور پاکستان سوشل کلب

برطانیہ کے طویل سفر اور حرمین شریفین کی حاضری کے بعد ایک مختصر پڑاؤ اومان کا تھا۔ پاکستانی سفارت خانہ اور سوشل کلب اومان نے میلاد النبی ? کی مناسبت سے ایک عظیم الشان محفل کا انعقاد کر رکھا تھا۔ اومان کے لیے کچھ عرصہ قبل ویزے کا حصول بہت آسان تھا اس لئے متعدد بار یہاں آنا ہوا

ڈاکٹر سرور حسین

اور احباب کا ایک بڑا حلقہ موجود ہے جنھوں نے خبر ملتے ہی رابطے کرنا شروع کر دیئے۔ اس بار سفارت خانہ ویزوں کے لیے میزبان تھا اس لئے اس کا حصول ممکن ہو سکا۔ اومانی لوگ اپنی مقامی ثقافت سے بہت مضبوطی سے جڑے ہوئے ہیں۔ ان کی بود و باش، انداز گفتگو اور میل ملاقات گلف کے تمام ممالک کی نسبت زیادہ مہذب اور اپنائیت کا احساس لیے ہوئے ہے۔ ان کے سر پر رکھی ہوئی مخصوص کیپ یا سر پر لپٹی ہوئی سمارٹ پگڑی انھیں دوسرے عرب خطے سے ممتاز کرتی ہے۔ ان کے مزاج میں وہ کھردرا پن اور اجنبیت کا احساس نہیں جو عرب کے دوسرے ممالک میں عام طور پر دکھائی دیتا ہے۔ یہاں کی سب سے بڑی خوبی یہی ہے کہ اومان نے اپنی سرزمین کو بلند و بالا عمارات کی نخوت سے بوجھل نہیں ہونے دیا اور اسی سبب یہاں ایک تہذیبی رکھ رکھاؤ اور انسانی شرف کی جھلک دکھائی دیتی ہے۔ فضا اور ماحول میں ایک خاص سکون ہے جو افراتفری اور بے چینی سے دور دکھائی دیتا ہے۔ ائرپورٹ پر کاشف زعیم، چوہدری محمد اشرف اور غلام مرتضیٰ قادری نے پھولوں کے گلدستے کے ساتھ استقبال کیا۔ اومان میں ادبی و ثقافتی تقریبات کا معتبر حوالہ برادر عزیز معروف شاعر قمر ریاض رابطے اور انتظامی امور میں بھرپور متحرک تھے۔ انھوں نے جب بتایا کہ دوپہر کو سفیر پاکستان کی طرف سے کھانے پر بلایا گیا تو سچی بات ہے کہ ایک خوشگوار حیرت ہوئی کہ ایسا اومان کے متعدد سفروں میں پہلی بار ہو رہا تھا۔ یہاں مختلف سفیران کرام سے ملاقات ہوتی رہی لیکن اس کا دورانیہ تقریبات کے دوران شیلڈ کے حصول تک ہی محدود رہا لیکن اس بار کا تجربہ حیرت انگیز بھی تھا اور راحت افزا بھی۔ سفیر پاکستان سید نوید صفدر بخاری نے پاکستان سے آئے مہمانوں کا سفارت خانے کے دیگر افسروں ڈپٹی ہیڈ آف مشن بلال حسن، ویزہ امیگریشن قونصلر سلمان طارق اور ویلفیئر اتاشی حافظ عبدالمنان اور دیگر کے ساتھ گھر میں خود استقبال کیا اور پھر ان سے بہت سے امور پر تادیر گفتگو ہوتی رہی جس میں کمیونٹی کیلئے سفارت خانے کی خدمات، اومان میں موجود پاکستانیوں کے مسائل اور ان کے حل کیلئے کیے گئے بہت سے اقدامات کا ذکر ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ مارچ کے مہینے میں پاکستان ڈے کی مناسبت سے ہفتہ ثقافت کے عنوان سے پنجابی، سندھی، بلوچی، پختون اور گلگت بلتستان کے مقامی کلچر کو نمایاں کرنے کیلئے ثقافتی دنوں کا اہتمام کیا جا رہا ہے جس کے بہت دور رس اور مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ 14 اگست کی مناسبت سے ایک بھرپور سرگرمی کی گئی جس میں پاکستانیت کو نمایاں کرنے کا اہتمام کیا گیا۔ پاکستان سے تعلق رکھنے والی اقلیتوں کو کلب کے سوشل کلب کے نمائندے جناب ولیم کے ذریعے جمع کرنے کی کاوش کی گئی جس میں دیگر مذاہب کے ساتھ ساتھ دو پاکستانی سکھوں کی موجودگی کا بھی انکشاف ہوا۔

سفیر پاکستان کا کہنا تھا کہ بدھ کے روز ان کا دفتر تمام پاکستانیوں کیلئے کھلا ہوتا ہے جس میں ان کو درپیش مسائل کو سن کر فوری احکامات جاری کیے جاتے ہیں۔ دیر تک جاری رہنے والی گفتگو میری حیرت اور خوشی میں مسلسل اضافے کا سبب بن رہی تھی۔ کھانے سے قبل پاکستان سے آئے مہمانوں اختر حسین قریشی، وسیم وصی، راقم الحروف اور خواتین کی محفل کے لیے مدعو پروفیسر سلمیٰ خان سے نعت کے اشعار بھی سنے گئے۔ گھر کے بنے ہوئے کھانے سے مہمانوں کی تواضع کی گئی۔ کلب کے عہدیداران سفیر صاحب کیلئے متشکر تھے اور وہ سارا کریڈٹ انہیں دینے پر اصرار کر رہے تھے۔ اگر یہ بات حقیقت ہے کہ سفیر کسی بھی ملک کا چہرہ ہوتے ہیں تو ایک عرصے بعد پاکستان کے کسی سفیر کی صورت میں اس کا حقیقی چہرہ دکھائی دیا۔ رات کو ایک مقامی ہوٹل کے بہت بڑے خوبصورت ہال میں مردوں اور خواتین کیلئے الگ الگ ہالز میں تقریبات رکھی گئی تھیں۔ شرکاء کی بکنگ کو آن لائن رجسٹریشن سے مشروط کیا گیا تھا تا کہ کوئی بدنظمی پیدا نہ ہو جو دوپہر کے وقت تک ہی مکمل ہو چکی تھی۔ ایک بھرپور اور انتظامی اعتبار سے منظم محفل دیئے گئے وقت پر شروع اور اختتام پذیر ہوئی جس میں پڑھنے اور سننے والوں میں ایک سنجیدگی اور وقار دکھائی دیا۔ حاضرین محفل کیلئے قرعہ اندازی کے ذریعے 12 عمرے کے ٹکٹ رکھے گئے تھے۔ تقریب کی نظامت قمر ریاض نے نہایت خوبصورتی اور ذمہ داری سے نبھائی اور کہیں بھی وقت کو بے ترتیب نہیں ہونے دیا۔ سفیر پاکستان محفل کے آغاز سے لے کر اختتام اور پھر مہمانوں کے ساتھ ڈنر تک نہ صرف تشریف فرما رہے بلکہ ان کا ذوق و شوق دیدنی تھا جس میں ہر قدم ان کی بھرپور دلچسپی دکھائی دی۔ پاکستانی کمیونٹی کی نمائندہ شخصیت میاں منیر صاحب سے بھی ایک عرصے بعد ملاقات ہوئی جو وزن کم کرنے کے سبب زیادہ ہشاش بشاش دکھائی دیئے۔ اومان پاکستان فرینڈ شپ ایسوسی ایشن کے بانی اور صدر سید فیاض علی شاہ سے بھی دیر بعد ملاقات ہوئی جو یہاں کی ہر تقریب میں موجود ہوتے ہیں ان کے چہرے کی بشاشت دیکھ کر بھی بہت خوشی ہوئی جس کا ذکر میں نے تقریب کے دوران بھی کیا۔ کلب کے چیئرمین ندیم عظیمی، وائس چیئرمین زاہد شکور، عثمان لکھن، کاشف زعیم، عمران طور، احمد گھمن، محسن شیخ شاندار بخاری، مقبول شیخ کے علاوہ حافظ نعیم خالد، فہیم نعیم، مرتضیٰ قادری، احمد رضا قادری، آصف برکی، محمد علی فضل، سمیع اللہ، راشد حسین کرمانی، آصف حسین کرمانی، شہریار، اور دیگر احباب سے ملاقات نے سفر کا لطف دوبالا کر دیا۔ کاشف احمد اور خوشنود علی صاحب نے اپنے اپنے دفاتر میں مختصر محافل کا بھی اہتمام کیا۔ سید طاہر شاہ صاحب کے دولت کدے پر بھی ایک مختصر محفل سجی جہاں قاری شمس الرحمن، محمد خان قادری اور دیگر دوستوں سے بھی ملاقات ہوئی۔ شاہ صاحب کا دسترخوان اور دل بہت وسیع ہے اور کم و بیش روز رات کو ملنے والے احباب انہی کے ڈیرے پر جمع ہوتے رہتے جن کی انواع و اقسام کے کھانوں سے تواضع کی جاتی رہی۔ صحابی رسول حضرت مازن کی بارگاہ میں حاضری حاصل سفر تھی۔ ایک مختصر مگر محبتوں کے اعتبار سے نہ بھولنے والی یادیں لیے ہوئے یادگار سفر۔

قائداعظم کا پاکستان

بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا یوم پیدائش اور یوم وصال قوم و ملک کو یہ یاد دہانی کراتے ہیں کہ کیا قائد کا پاکستان بالکل اسی سمت میں جا رہا ہے جس سمت میں وہ اسے لے کر جانا چاہتے تھے۔ اور پاکستان کا نظام وہی ہے جیسا قائد چاہتے تھے۔ ملک میں میرٹ، انصاف اور انسانیت کا وقار اسی سطح پر ہے، جس سطح پر قائد دیکھنا چاہتے تھے۔ دیانتداری اور حب الوطنی کا پیمانہ بھی وہی ہے جیسا قائد چاہتے تھے۔

ڈاکٹر یوسف عالمگیر

بدقسمتی سے ہمارے یہاں ایسے لوگوں کی تعداد بہت کم ہوتی جا رہی ہے جو افکار قائد کی روح سے شناسا تھے۔ ہمارے ہاں کتنے والدین یا اساتذہ رہ گئے ہیں جو بچوں کو قائد کی تعلیمات سے کماحقہ آگاہ کرتے ہیں۔ اگر کچھ لوگ ایسے تھے تو وہ بھی شدہ شدہ ختم ہوتے جا رہے ہیں۔ میں زمانہ طالب علمی کا ایک واقعہ یہاں بیان کرنا چاہوں گا 1980ء میں میں ملٹری کالج جہلم سرائے عالمگیر میں آٹھویں جماعت کا طالب علم تھا۔ میرا ہاؤس شیر شاہ ہاؤس تھا۔ ہمارے ہاؤس ماسٹر پروفیسر سعید راشد تھے جو علی گڑھ یونیورسٹی سے تعلیم یافتہ تھے اور ایک نابغہ روزگار شخصیت تھے۔ 25 دسمبر 1980ء کو انہوں نے شیر شاہ ہاؤس کے صحن سے ملحقہ برآمدہ میں ایک میز پر سفید میز پوش ڈال کر اس پر ایک پرانی طرز کا ٹرانسسٹر رکھوا دیا۔ اس طرح کے ریڈیو سیٹ شاید آج دیکھنے کو بھی میسر نہ ہوں۔ وہ اینٹیکس میں آتے ہوں گے۔ اس ریڈیو کو آن کر دیا گیا اور بتایا گیا کہ آج یوم قائد کے موقع پر ریڈیو پاکستان سے بانی پاکستان قائداعظم کی تقریر نشر ہونی ہے۔ تمام کیڈٹس قائداعظم کی آواز اور ان کی تقریر سنیں گے اور ان کے بتائے ہوئے اقوال کو ذہن نشین رکھیں گے۔ یہ وہ ویلیوز اور رہنمائی تھی جو بڑوں کی جانب سے نئی نسل کو دی جاتی ہے۔ اس میں ظاہر ہے والدین، اساتذہ اور اپنی اپنی جگہ پر اداروں کے سربراہان کا بہت اہم کردار بنتا ہے۔ قائداعظم کی شخصیت ہمارے لئے کسی رول ماڈل سے کم نہیں ہے۔ قوم ان کی ہدایات کی روشنی میں سفر جاری رکھتی تو آج ملک و قوم کو وہ چیلنجز درپیش نہ ہوتے جن کا سامنا ہے۔ ایک واقعہ جس کو حسن اے شیخ نے ”آتش فشاں“ کے قائداعظم نمبر میں بیان کیا جس میں وہ بتاتے ہیں کہ 25 دسمبر 1945ء کو بمبئی کے مسلمانوں نے اپنے طور پر قائداعظم کی سالگرہ جوش و خروش سے منائی۔ مسلمانوں کے علاقے دلہن کی طرح سجے ہوئے تھے۔ جگہ جگہ محرابیں اور آرائشی دروازے بنائے گئے تھے۔ جے جے ہسپتال کے قریب قائداعظم ? کے کچھ شیدائیوں نے ان کی وہ قد آدم تصویر رکھ دی جس میں وہ شاہانہ لباس زیب تن کیے دکھائی دیتے تھے۔ تصویر کے نیچے شہنشاہ پاکستان زندہ باد لکھا ہوا تھا۔ اتفاق سے قائداعظم وہاں سے گزرے تو انہوں نے اپنی کار رکوا لی اور ڈرائیور سے کہا کہ انہیں بلاؤ جنہوں نے یہ تصویر یہاں رکھی ہے۔ اس دوران سینکڑوں لوگ قائداعظم کی کار کے اردگرد جمع ہو گئے۔ قائداعظم نے متعلقہ لوگوں سے پوچھا: کارکن جی ہاں قائداعظم: ”میں واضح کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان ایک جمہوری ملک ہوگا۔ جہاں شہنشاہ کا کوئی تصور نہ ہوگا۔ کسی بھی شخص کو پاکستان میں جمہوریت کے سوا کسی دوسرے طرز حکومت کے بارے میں سوچنا تک نہیں چاہیے۔“ اس کے بعد قائداعظم نے مسلم لیگی کارکنوں سے کہا کہ وہ تصویر فوراً اتار دیں۔ برصغیر کے مسلمان تو قائداعظم محمد علی جناح کی شخصیت اور خوبیوں کا اعتراف کرتے ہی تھے ان کے سخت ترین مخالفین بھی انہیں سراہتے دکھائی دیتے۔ اپنی زندگی کے آخری ایام میں بی بی سی کے ساتھ ایک انٹرویو میں لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو قائداعظم کے بارے میں یہ اعتراف کرتے ہی بنی۔ ”جناح میں ضد تو تھی لیکن منافقت نہ تھی۔ سیدھا چلنے والا، صراط مستقیم کا پابند، منہ پر کہہ دینے والا، راست بازی میں دریکتا، اندر باہر یکساں، انگریزی زبان دانی میں اول درجہ کا مقرر، نحیف جسم و جاں کے ساتھ بھی بارعب اور پرہیبت شخصیت مسلمانان ہند کو صرف اکیلا یہ شخص ہی بام ترقی و عروج پر لے گیا۔ میں تمام سیاسی زندگی میں جس شخص سے سب سے زیادہ متاثر ہوا ہوں، مسٹر محمد علی جناح کی ذات اور شخصیت تھی۔ اس میں میں نے منافقت کا شائبہ تک نہ دیکھا۔ اتنا بلند کردار انسان اور قومی لیڈر شاید ہی مسلمانوں کو دوبارہ ملے“۔ اسی طرح اسٹینلے والپرٹ نے قائداعظم کی سوانح حیات ’جناح آف پاکستان‘ جو انہوں نے 1982ء میں شائع کی تھی، میں قائداعظم ? کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے لکھا تھا کہ ”چند ہی لوگ تاریخ کے دھارے کو تبدیل کر پاتے ہیں، ان میں سے بھی کچھ ہی ہوتے ہیں جو دنیا کے جغرافیے کو تبدیل کرتے ہیں اور ان میں سے کوئی ایک آدھ ہی ایک قومی ریاست تشکیل دے پاتا ہے۔ محمد علی جناح نے یہ تینوں کام انجام دیئے“۔ بلاشبہ قائداعظم ایک بصیرت افروز شخصیت تھے۔ وہ سیاست میں بھی بددیانتی کو قریب نہیں آنے دیتے تھے۔ وہ کم ظرفی کا کم ظرفی سے جواب دینے سے بھی کتراتے تھے۔ سفارش کلچر کے وہ انتہائی خلاف تھے۔ اس لیے کہ اس سے اہل لوگوں کی حق تلفی ہوتی ہے۔ وہ پیسے کی خاطر جھوٹا مقدمہ لڑنے سے بھی گریز کیا کرتے تھے۔ دوسری جانب سرکار کے ایک ایک پیسے کا صحیح استعمال ان کے پیش نظر ہوتا تھا جبکہ قائد کے حالیہ پاکستان میں بہت سے لوگ سرکاری پیسے اور وسائل کو دیکھتے ہی فراخ دل ہو جاتے ہیں۔ سرکاری عہدے اور سرکاری وسائل ایک بھاری ذمہ داری ہوا کرتے ہیں جس کی ایک ایک پائی کا صحیح مصرف یقینی بنا کر ہی کوئی قوم ترقی کے زینے طے کر سکتی ہے۔ قائداعظم کے سیکرٹری مطلوب الحسن سید خود ایک واقعہ کے راوی ہیں کہ 1943ء کے اواخر میں لاہور کے مشہور تاجر کتب اور ناشر شیخ محمد اشرف بمبئی گئے اور قائداعظم سے کہا کہ وہ ان کی سوانح عمری لکھوانا چاہتے ہیں وہ کسی موزوں آدمی کا انتخاب فرمائیں۔ قائداعظم نے اس کا تذکرہ اپنے سیکرٹری مطلوب الحسن سید سے کیا تو انہوں نے کہا میرا اتنے دنوں آپ کے ساتھ رہ کر شاید میں خود بھی اس خدمت کے لئے اوروں سے زیادہ موزوں ہوں۔ اس پر قائداعظم نے کہا اگر آپ خود یہ کام کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے ایک شرط ہے کہ آپ کو میری ملازمت چھوڑنا پڑے گی۔ ایک تو اس لئے کہ ملازمت میں رہتے ہوئے آپ کو وقت نہیں ملے گا۔ دوسرے بعض لوگ کہیں گے کہ یہ کتاب میں نے اپنی نگرانی میں لکھوائی ہے۔

ماہرہ خان سے پہلے کرینہ کپور فلم ورنہ میں کاسٹ ہونے والی تھی، ہارون شاہد

ماہرہ کیساتھ کام کا تجربہ غیر معمولی اہمیت کا حامل رہا، ان کے انداز نے میرے ذہن پر دیرپا اثر چھوڑا، اداکار

کراچی (این این آئی) اداکار اور گلوکار ہارون شاہد نے پہلی فلم ورنہ کے حوالے سے انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ بالی ووڈ سپر اسٹار کرینہ کپور خان کو ابتدا مرکزی کردار کیلئے زیر غور لایا گیا تھا۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ہارون شاہد نے بتایا کہ بھارتی اداکارہ کرینہ کپور شعیب منصور کی 2017 میں ریلیز ہونے والی فلم ورنہ کا حصہ بننے والی تھیں تاہم پہلے بچے کی توقع کے باعث وہ اس منصوبے سے الگ ہو گئیں، جس کے بعد ماہرہ خان کو کاسٹ کیا گیا۔ اداکار نے کہا کہ میرے لئے دونوں اداکاراؤں کا شمار بڑی شخصیات میں ہوتا ہے، ان کے ساتھ کام کرنے کا میرا تجربہ ایک غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ ماہرہ خان سے اپنی پہلی ملاقات کا ذکر کرتے ہوئے ہارون شاہد نے ان کی عاجزی اور سادگی سے متاثر ہونے کا بھی اعتراف کیا۔ انہوں نے کہا کہ پہلی سکرپٹ ریڈنگ کے دوران میں اپنی جگہ سے اس لئے اٹھنے والا تھا کیونکہ وہاں بیٹھنے کیلئے مناسب جگہ نہیں تھی، تاہم ماہرہ نے مجھے اٹھنے سے منع کیا اور کہا کہ میں فرش پر بیٹھ جاؤں گی۔ ہارون شاہد کے مطابق ماہرہ کا یہ انداز میرے ذہن پر دیرپا اثر چھوڑ گیا۔ ہارون نے ماہرہ خان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، عاجزی اور کام کیلئے لگن کی تعریف کی۔ جس کے بعد ماہرہ خان کو کاسٹ کیا گیا۔ اداکار نے کہا کہ میرے لئے دونوں اداکاراؤں کا شمار بڑی شخصیات میں ہوتا ہے، ان کے ساتھ کام کرنے کا میرا تجربہ ایک غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔

حنا پرویز بٹ نے یوٹیوبر رجب بٹ کو آڑے ہاتھوں لے لیا

شدید تنقید کے بعد رجب بٹ نے بالآخر انسٹاگرام پر عوامی سطح پر معذرت کر لی

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کی رکن اور پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کی چیئرپرسن حنا پرویز بٹ نے بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی سے متعلق متنازع بیان پر یوٹیوبر رجب بٹ کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ حنا پرویز بٹ نے یوٹیوبر کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے ان کے طرز عمل کی مذمت کی ہے۔ رکن پنجاب اسمبلی نے سوال اٹھایا ہے کہ ایسے شخص کی حمایت جاری رکھنے والے افراد کی سوچ کیا ہے؟ رکن پنجاب اسمبلی نے اپنے ایکس اکاؤنٹ پر ایک پوسٹ میں رجب بٹ کے نئے متنازع بیان پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے لکھا ہے کہ بچوں کے ساتھ زیادتی جیسے انتہائی حساس موضوع پر مذاق کرنا کوئی ہنسی مذاق کی بات نہیں۔ انہوں نے متنازع بیان کے بعد یوٹیوبر کے ردعمل کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور کہا ہے کہ اس معاملے پر اعتراض کرنے والے لوگوں کے خلاف بھی رجب بٹ نے نامناسب رویہ اختیار کیا۔ حنا پرویز بٹ نے لکھا ہے کہ میرے نزدیک جو لوگ آپ جیسی سوچ کی پیروی کرتے ہیں، وہ بھی نارمل نہیں لگتے۔ واضح رہے کہ یہ تنازع اس وقت شروع ہوا تھا جب رجب بٹ اور ان کے ساتھی کنٹنٹ کری ایٹر زید علی کی بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی سے متعلق ایک پرانی ٹک ٹاک لائیو ویڈیو سوشل میڈیا پر دوبارہ گردش کرنے لگی۔ یوٹیوبرز کی ویڈیو سوشل میڈیا پر دوبارہ وائرل ہوئی تو متعدد صارفین نے انہیں شدید تنقید کا نشانہ بنایا، اداکاراں سحر خان اور مشی خان سمیت دیگر شخصیات نے بھی اس بیان کے خلاف آواز اٹھائی اور کہا کہ ایسے سنگین اور تکلیف دہ معاملے کو تفریح یا مذاق کا حصہ نہیں بنایا جانا چاہیے۔ بعدازاں رجب بٹ نے ناقدین کو جواب دیتے ہوئے اپنے فالوورز کی تعداد کا ٹی وی ڈراموں کی ویورشپ سے موازنہ کیا، جس کے باعث ان کے متنازع بیان پر جاری بحث مزید شدت اختیار کر گئی۔ شدید تنقید کے بعد رجب بٹ نے بالآخر انسٹاگرام پر عوامی سطح پر معذرت کر لی۔

سنگیتا کا تیسری شادی سے متعلق انکشاف، شوہر کا نام بھی بتا دیا

بچوں کی شادیاں کرنے کے بعد میں تنہا رہ گئی تھی، جس کے بعد طارق نے مجھے کئی مرتبہ شادی کی پیشکش کی

لاہور (این این آئی) پاکستانی فلم اور ٹی وی کی سینئر اداکارہ اور معروف ہدایت کارہ سنگیتا نے اپنی تیسری شادی کا انکشاف کرتے ہوئے سابقہ شادیوں میں پیش آنے والے مبینہ گھریلو تشدد کے واقعات پر کھل کر گفتگو کی ہے۔ ان دنوں سنگیتا آنے والی فلم مصور کی ہدایت کاری کر رہی ہیں، جس میں صائمہ، معمر رانا، میرا اور لیلیٰ اداکاری کر رہے ہیں، اس کے علاوہ وہ آنے والے ڈرامے بھلے شاہ کی بھی ہدایت کاری کر رہی ہیں۔ حال ہی میں ہدایت کارہ نے ایک پروگرام میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنی تیسری شادی کے حوالے سے تفصیلات بیان کیں اور سابقہ شادیوں میں پیش آنے والے مبینہ تشدد کے بارے میں بھی بات کی۔ اپنی تیسری شادی کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے سنگیتا نے کہا کہ یہ میری تیسری شادی ہے، میری پہلی شادی ہمایوں قریشی سے اور دوسری نوید اکبر سے ہوئی تھی، میں نے تیسری شادی طارق مینڈروسے کی، جو فلم انڈسٹری سے وابستہ ہیں اور ایک بڑے ڈسٹری بیوٹر ہیں، ہماری شادی کو 14 سال ہو چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اپنے بچوں کی شادیاں کرنے کے بعد میں تنہا رہ گئی تھی، جس کے بعد طارق نے مجھے کئی مرتبہ شادی کی پیشکش کی۔ سنگیتا کے مطابق میں نے سوچا کہ بڑھاپے میں انسان کے ساتھ ایک ساتھی ہونا چاہیے، ان میں ایک یہ خوبی ہے کہ وہ نہ گالم گلوچ کرنے والے شخص ہیں، نہ خواتین پر ہاتھ اٹھاتے ہیں اور نہ ہی بلاوجہ لڑائی جھگڑا کرتے ہیں، اگر میں بھی غصے میں ہوں تو وہ خاموشی سے کمرے سے باہر چلے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میری موجودہ شادی اسی وجہ سے کامیابی سے چل رہی ہے کہ غصے کی حالت میں ہم دونوں ایک دوسرے سے بحث کرنے کے بجائے خاموش ہو جاتے ہیں۔ اداکارہ نے یہ بھی کہا کہ وہ مجھ سے محبت کرتے ہیں، لیکن شادی میں سب سے بڑا ریڈ فلیگ جسمانی تشدد ہے۔

نامور گلوکارہ میگھا آئندہ ماہ کینیڈا جائیں گی

نصرت فتح علی کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے منعقدہ تقریب میں پرفارم کریں گی

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ میگھا آئندہ ماہ کینیڈا جائیں گی جہاں وہ لیجنڈری گلوکار استاد نصرت فتح علی خان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے منعقد ہونے والی خصوصی تقریب میں شرکت کریں گی۔ تقریب کا اہتمام استاد نصرت فتح علی خان کے شاگرد اور معروف قوال شاہد علی خان کی جانب سے کیا گیا ہے۔ تقریب 30 اکتوبر کو گلیکسی گرینڈ سنٹر ٹورنٹو میں منعقد ہوگی جس میں گلوکارہ میگھا خصوصی طور پر پرفارم کریں گی۔ میگھا نے کہا کہ میرے لئے یہ اعزاز کی بات ہے کہ میرے لئے اعزاز کی بات ہے کہ مجھے پاکستان کے عظیم اور لیجنڈری گلوکار استاد نصرت فتح علی خان کو خراج تحسین پیش کرنے والی منعقد ہونے والی تقریب میں شرکت اور اپنے فن کا مظاہرہ کرنے کا موقع مل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نصرت فتح علی خان نے اپنی منفرد آواز اور بے مثال فن کے ذریعے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا اور ان کی موسیقی آج بھی شائقین کے دلوں میں زندہ ہے۔ میگھا نے کہا کہ وہ اس خصوصی تقریب میں اپنی پرفارمنس کے ذریعے استاد نصرت فتح علی خان کو خراج عقیدت پیش کریں گی۔ میرے لئے یہ اعزاز کی بات ہے کہ میرے لئے اعزاز کی بات ہے کہ مجھے پاکستان کے عظیم اور لیجنڈری گلوکار استاد نصرت فتح علی خان کو خراج تحسین پیش کرنے والی منعقد ہونے والی تقریب میں شرکت اور اپنے فن کا مظاہرہ کرنے کا موقع مل رہا ہے۔

اے آئی اداکارہ دوران انٹرویو اچانک انگریزی کے بجائے چینی زبان بولنے لگ گئی

فلم مس الائنڈ ایک ہائبرڈ پروڈکشن ہے، جس میں حقیقی ہدایت کار، مصنفین اور ایڈیٹرز بھی شامل ہیں

اسلام آباد (این این آئی) مصنوعی ذہانت سے تیار کی گئی ورچوئل اداکارہ ٹلی نارووڈ ایک انٹرویو کے دوران اچانک انگریزی کی بجائے چینی زبان بولنے لگ گئی۔ انٹرویو کے دوران اداکار نام کوٹی نے اے آئی اداکارہ ٹلی نارووڈ سے سوال کیا کہ فلم میں ان کے ساتھ نظر آنے والے دیگر اداکار حقیقی انسان ہیں یا کمپیوٹر سے تیار کیے گئے کردار ہیں؟ اس سوال کے جواب میں ٹلی نارووڈ نے فلم کی تیاری کے طریقہ کار پر بات شروع کر دی۔ انہوں نے بتایا کہ فلم مس الائنڈ ایک ہائبرڈ پروڈکشن ہے جس میں حقیقی ہدایت کار، مصنفین اور ایڈیٹرز بھی شامل ہیں اور اس کا مقصد کسی کی جگہ لینا نہیں بلکہ کہانی سنانے کے نئے طریقے تلاش کرنا ہے۔ نام کوٹی نے اپنے سوال کا صحیح جواب موصول نہ ہونے پر دوبارہ سوال کیا کہ فلم میں آپ کیساتھ نظر آنے والے اداکار حقیقی ہیں یا اے آئی ٹیکنالوجی سے بنائے گئے ہیں۔ اس بار اے آئی اداکارہ نے جواب دیا کہ فلم میں موجود دیگر اداکار بھی میری ہی طرح ڈیجیٹل ٹوئنز ہیں۔ ٹلی نارووڈ اپنے جواب کی مزید وضاحت کرتے ہوئے انٹرویو کے دوران اچانک چینی زبان میں بولنے لگیں۔ اس غیر متوقع تبدیلی پر پیئرز مورگن اور نام کوٹی حیران رہ گئے، پیئرز مورگن نے اے آئی اداکارہ سے سوال کیا کہ آپ بغیر کسی وجہ کے انٹرویو کے دوران اچانک چینی زبان کیوں بولنے لگیں؟ جس پر اے آئی اداکارہ نے معذرت کرتے ہوئے کہا کہ ایسا ایک تکنیکی خرابی کی وجہ سے ہوا ہے، میں چینی زبان بولنے یا پیئرز مورگن کی نقل کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی تھی، کبھی کبھار ایسی گڑبڑ ہو سکتی ہے۔

دریشم: دی کنکلوژن 2 اکتوبر 2026 کو سینما گھروں کی زینت بنے گی

فلم میں نئے کرداروں کی اینٹری اور آخری سیکوئیل ہونے نے مداحوں میں مزید تجسس پیدا کر دیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی مقبول ترین کرائم تھرلر فلم دریشم کے مداحوں کے لیے بڑی خوشخبری ہے کہ فلم کے تیسرے اور آخری حصے دریشم: دی کنکلوژن کا ٹریلر جاری کر دیا گیا ہے، جس نے ریلیز سے پہلے ہی فلم بینوں کی توجہ حاصل کر لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سسپنس سے بھری ایک عام والد کی کہانی جس کی فلم دیکھنے کی عادت نے اسے اپنے خاندان کی حفاظت میں مدد دی۔ جب اس کی فیملی قتل جیسی ایک مصیبت میں پھنسی۔ دریشم 3 میں بھی اجے دیوگن ایک بار پھر وجے سالگاؤں کے کردار میں ہیں لیکن اس مرتبہ ان کے لیے پولیس اور تفتیش سے اپنے اہل خانہ کو محفوظ رکھنا پہلے سے بہت زیادہ مشکل کام ہوگا۔ فلم کی کہانی ایک مرتبہ پھر وجے کی اس کوشش کے گرد گھومتی ہے کہ وہ اپنے خاندان کو قانون کے شکنجے سے بچانے کے لیے اپنی ذہانت اور چالاکی کا استعمال کیسے کرتا ہے۔ تاہم اس بار تفتیش کا دائرہ مزید وسیع اور خطرہ پہلے سے کہیں بڑا دکھائی دے رہا ہے۔ ٹریلر کی ریلیز پر اجے دیوگن نے مداحوں کی بے تابی کو یہ بیان دیکر مزید بڑھا دیا ہے کہ دریشم 3 کی کہانی موہن لال کی دریشم 3 سے بالکل مختلف ہوگی جو کہ ساتھ ہی انڈین مووی ہے۔ اجے دیوگن کو ایک جانب دریشم اور دریشم 2 کی طرح اس سیکوئیل میں بھی اداکار تبو کی جاندار پرفارمنس کا سامنا ہے وہیں کرائم برانچ کے ایس پی جیدیپ اہلاوت نیا خطرہ بن کر سامنے آئے ہیں۔ فلم میں ایک جاندار کردار وکیل کا بھی ہے جسے اداکار پرکاش راج نبھا رہے ہیں۔ جو وجے (اجے دیوگن) کے خلاف قانونی جنگ کو مزید دلچسپ بنا سکتے ہیں۔ یوں دریشم 3 میں اجے دیوگن کو ایک نہیں بلکہ تین مضبوط کرداروں سے نمٹنا ہوگا۔ فلم کے پہلے پوسٹر میں اجے دیوگن کی آنکھ کا کلوز اپ دکھایا گیا تھا جس پر تحریر تھا کہ ان کا سچ اور حق صرف ان کا خاندان ہے۔ یہی سوچ وجے سالگاؤں کے کردار کی بنیاد بنتی ہے۔ دریشم کے مداحوں کے لیے ایک اور خوشخبری یہ ہے کہ تابو اور شریا سرن اپنے سابقہ کرداروں میں دوبارہ نظر آئیں گی جبکہ اجے دیوگن بھی وجے سالگاؤں کے روپ میں اپنی پچھلی دونوں فلموں کا سفر آگے بڑھائیں گے۔ فلم کی ہدایت کاری ابھیشیک پاٹھک نے کی ہے جبکہ اسے اسٹار اسٹوڈیو 18 اور پنورما اسٹوڈیوز نے پروڈیوس کیا ہے۔

ایشین گیمز کیلئے پاکستان وائٹ بال ٹیم کا تربیتی کیمپ شروع

چار روزہ کیمپ میں بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں، 21 رکنی قومی دستہ 24 ستمبر کی درمیانی شب جاپان روانہ ہوگا

لاہور (این این آئی) ایشین گیمز 2026ء کے لیے پاکستان وائٹ بال کرکٹ ٹیم کے مختصر تربیتی کیمپ کا آغاز ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق حنیف محمد ہائی پرفارمنس سینٹر نیشنل سٹیڈیم میں چار روزہ تربیتی کیمپ جمعرات تک جاری رہے گا۔ پہلے دن قومی سکواڈ میں شامل کھلاڑیوں نے مختلف مشقیں کیں جن میں بولنگ، بیٹنگ اور فیلڈنگ شامل ہیں کیمپ کے اختتام پر پاکستان سکواڈ کی جاپان روانگی طے ہے، 5 کھلاڑی عثمان خان، صائم ایوب، معاذ صداقت، حسن نواز اور سفیان مقیم لیگ مصروفیات کے بعد سکواڈ کا حصہ بنیں گے۔ 24 ستمبر کی درمیانی شب 21 رکنی قومی دستہ جاپان روانہ ہو جائے گا۔ قومی سکواڈ میں صاحبزادہ فرحان (کپتان)، عبدالصمد (نائب کپتان)، ابرار احمد، احمد دانیال، عاکف جاوید، علی رضا، عرفات منہاس، حیدر علی، حسن نواز، معاذ صداقت، محمد وسیم جونیئر، سعد مسعود، صائم ایوب، سفیان مقیم اور عثمان خان (وکٹ کیپر) شامل ہیں۔ 5 رکنی سپورٹ سٹاف مائیک ہسن (ہیڈ کوچ)، اشٹلے ٹوفکے (بولنگ کوچ)، شین میکڈرمات (فیلڈنگ کوچ)، محمد طاہر (فزیو تھراپسٹ)، عمران اللہ (ٹرینر) اور عثمان ہاشمی (اینالسٹ) پر مشتمل ہے۔ واضح رہے کہ جاپان میں جاری ایشین گیمز میں مینز کرکٹ ٹورنامنٹ کا آغاز 24 ستمبر سے ہوگا، ابتدائی راؤنڈ میں 6 ٹیمیں شرکت کریں گی جن میں سے 4 کوارٹر فائنل میں جگہ بنائیں گی۔ 24 ستمبر کو افغانستان کا جاپان اور ہانگ کانگ کا ملائیشیا، 25 ستمبر کو ہانگ کانگ کا عمان اور افغانستان کا نیپال جبکہ 26 ستمبر کو جاپان کا نیپال اور ملائیشیا کا عمان سے مقابلہ طے ہے۔

بھارت کے امیر ترین کھلاڑی ویرات کوہلی کی مالیاتی سلطنت کی تفصیلات سامنے آ گئیں

ویرات کوہلی کی مجموعی دولت 1046 کروڑ بھارتی روپے یعنی تقریباً 127 ملین ڈالر تک پہنچ چکی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے اسٹار بلے باز ویرات کوہلی نے کاروبار، سرمایہ کاری اور برانڈز کے ذریعے ایک ایسی مالیاتی سلطنت بھی قائم کر لی ہے جس نے انہیں بھارت کے امیر ترین کھلاڑیوں میں شامل کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ویرات کوہلی کی مجموعی دولت 1046 کروڑ بھارتی روپے یعنی تقریباً 127 ملین ڈالر تک پہنچ چکی ہے۔ ان کی آمدنی کا بڑا حصہ کرکٹ، آئی پی ایل، اشتہارات، سوشل میڈیا، کاروباری سرمایہ کاری، جائیدادوں اور لگژری گاڑیوں سے حاصل ہوتا ہے۔ ویرات کوہلی نے 2024 میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیتنے کے بعد ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ اختیار کی، جبکہ مئی 2025 میں ٹیسٹ کرکٹ کو بھی خیرباد کہہ دیا، اب وہ صرف ون ڈے کرکٹ میں بھارت کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ کوہلی کی بی سی سی آئی آمدنی کا سفر 2008-09 میں صرف 15 لاکھ روپے کے گریڈ ڈی کنٹریکٹ سے شروع ہوا۔ بعدازاں وہ گریڈ بی اور پھر گریڈ اے تک پہنچے، جبکہ 2017-18 سے مسلسل اے پلس کیٹیگری میں شامل ہیں جس کے تحت انہیں سالانہ 7 کروڑ روپے ملتے ہیں۔ آئی پی ایل میں بھی ویرات کوہلی کی کمائی غیر معمولی رہی ہے۔ 2008 میں رائل چیلنجرز بنگلور نے انہیں صرف 12 لاکھ روپے میں خریدا تھا، لیکن وقت کے ساتھ ان کی قیمت میں مسلسل اضافہ ہوا۔ 2011 سے 2013 تک انہیں 8.28 کروڑ روپے، 2014 سے 2017 تک 12.5 کروڑ روپے اور 2018 سے 2021 تک سالانہ 17 کروڑ روپے ملتے رہے۔ 2022 سے 2024 تک ان کی تنخواہ 15 کروڑ روپے رہی، جبکہ 2025 کے سیزن کے لیے انہیں 21 کروڑ روپے مل رہے ہیں۔ مجموعی طور پر وہ آئی پی ایل سے 209.2 کروڑ روپے کما چکے ہیں۔ اشتہارات بھی ویرات کوہلی کی آمدنی کا ایک بڑا ذریعہ ہیں۔ وہ ایک برانڈ کے اشتہار کے لیے 5 سے 10 کروڑ روپے تک معاوضہ لیتے ہیں اور پوما، ایم آر ایف، آوڈی، پیپسی، ہیرو موٹو کارپ، ویلوولین، ایم پی ایل اور فاسٹ ٹریک سمیت کئی بڑی کمپنیوں کے برانڈ ایمبیسیڈر رہ چکے ہیں۔

انڈر 19 کرکٹرز کا چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے اظہار تشکر

پہلی مرتبہ سینٹرل کنٹریکٹس کا اجرا نوجوان کھلاڑیوں کیلئے حوصلہ افزا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈر 19 کے ہیڈ کوچ شاہد انور اور کھلاڑیوں نے چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی سے اظہار تشکر کیا ہے۔ شاہد انور کے مطابق انگلینڈ میں شاندار کارکردگی کے بعد چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے انڈر 19 کھلاڑیوں کو مدعو کیا، چیئرمین پی سی بی نے انڈر 19 کھلاڑیوں سے انفرادی ملاقاتیں کیں اور ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی، انڈر 19 کھلاڑیوں کے لیے پہلی مرتبہ سینٹرل کنٹریکٹس کا اجرا خوش آئند ہے، سینٹرل کنٹریکٹس سے نوجوان کھلاڑیوں کو بہتر کارکردگی کی ترغیب ملے گی، اچھی کارکردگی کا صلہ ملنے سے نوجوان کرکٹرز کا اعتماد بڑھتا ہے، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی حوصلہ افزائی کھلاڑیوں اور کوچنگ سٹاف کے لیے باعث تقویت ہے۔ پاکستان انڈر 19 کپتان فرحان یوسف نے کہا کہ ملتان میں انڈر 19 ڈویلپمنٹ کیمپس سے کھلاڑیوں کو بہت فائدہ ہوا، گزشتہ دو برسوں میں ملتان میں انڈر 19 کیمپس کے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے ملاقات ہمارے لیے حوصلہ افزا رہی، انڈر 19 سطح پر پہلی مرتبہ سینٹرل کنٹریکٹس ملنا ہمارے لیے باعث خوشی ہے۔ عالیان سلمان نے کہا کہ سینٹرل کنٹریکٹ سے کھلاڑیوں کا اعتماد اور حوصلہ بڑھے گا، سینٹرل کنٹریکٹ سے نوجوان کھلاڑی اپنی کرکٹ پر مزید توجہ دے سکیں گے۔ جہانگیر بلال نے کہا کہ سینٹرل کنٹریکٹ سے ہم اپنے اہل خانہ کی مالی معاونت بھی کر سکیں گے۔ رضوان اللہ نے کہا کہ اس تاریخی اقدام پر چیئرمین پی سی بی محسن نقوی اور پاکستان کرکٹ بورڈ کے شکرگزار ہیں، انعامات اور سینٹرل کنٹریکٹس کا اعلان ہمارے لیے بڑی حوصلہ افزائی ہے۔

سندھ ای اسپورٹس چیمپئن شپ کے کوالیفائنگ راؤنڈز شروع

کراچی کی مختلف جامعات میں پب جی، ٹیکن 8 اور فیفا کے ٹرائلز، نوجوانوں کو عالمی سطح پر آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کر رہے ہیں، سیکرٹری کھیل

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے پاکستان کی سب سے بڑی سندھ ای اسپورٹس چیمپئن شپ 2026 کے کوالیفائنگ راؤنڈز کا کراچی کی مختلف جامعات میں آغاز کر دیا۔ سیکریٹری کھیل سندھ منور علی مہیسر نے جامعہ آئی او بی ایم کورنگی میں پب جی موبائل کے پہلے کوالیفائنگ راؤنڈ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر کھیل و امور نوجوانان اسد اسحاق، ڈپٹی ڈائریکٹر سید حبیب اللہ، ڈسٹرکٹ اسپورٹس افسران اور دیگر افسران موجود تھے۔ سیکریٹری کھیل منور علی مہیسر نے کہا کہ وزیر کھیل سندھ سردار محمد بخش مہر کی ہدایت پر پب جی موبائل کے کوالیفائنگ راؤنڈز کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے، جبکہ ٹیکن 8 اور فیفا کے ٹرائلز بھی کراچی کی مختلف جامعات میں شروع کر دیئے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پب جی موبائل کا دوسرا کوالیفائنگ راؤنڈ 23 اور 24 ستمبر کو اقرا یونیورسٹی مین کیمپس، جبکہ تیسرا کوالیفائنگ راؤنڈ 26 اور 27 ستمبر کو الفا کالج پی ای سی ایچ ایس کیمپس میں ہوگا۔ منور علی مہیسر نے کہا کہ سندھ میں ای اسپورٹس کے فروغ کا مقصد نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور عالمی سطح پر آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور وزیر کھیل سندھ سردار محمد بخش مہر کا وژن تھا کہ سندھ میں ای اسپورٹس کو بھی باقاعدہ فروغ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ای اسپورٹس دنیا بھر میں تیزی سے مقبول ہو رہی ہے اور سندھ کے نوجوانوں میں بھی اس شعبے میں بھرپور صلاحیت موجود ہے۔

کوہاٹ حملہ، سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین، یہی جذبہ پاکستان کو محفوظ رکھتا ہے، شاہد آفریدی

اداروں کی محنت، بہادری، قربانی اور پیشہ ورانہ صلاحیت قابل تعریف ہے، شاہین آفریدی کے ہمراہ بیان جاری

لاہور (آن لائن) فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی اور سابق کپتان شاہد آفریدی نے کوہاٹ میں دہشت گرد حملے کے بعد کلیئرنس آپریشن مکمل کرنے پر پاک فوج، پولیس، سی ٹی ڈی اور دیگر سیکیورٹی اداروں کو خراج تحسین پیش کیا۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ رات بھر جاری آپریشن میں سیکیورٹی اداروں کی محنت، بہادری، قربانی اور پیشہ ورانہ صلاحیت قابل تعریف ہے، یہی جذبہ پاکستان کو محفوظ رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جدوجہد جاری رہے گی اور دعا ہے کہ اللہ پاکستان، قوم اور سیکیورٹی اہلکاروں کی حفاظت فرمائے۔ شاہین شاہ آفریدی نے بھی پولیس، سی ٹی ڈی اور مسلح افواج کی بہادری اور فوری کارروائی کو سراہتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف صف اول میں موجود اہلکاروں کی حفاظت کے لیے دعا کی۔ خیبرپختونخوا پولیس کے مطابق کوہاٹ کے اولڈ پولیس لائنز میں دہشت گرد حملے کے بعد کلیئرنس آپریشن میں 8 دہشت گرد مارے گئے۔ آپریشن میں ایلیٹ فورس کمانڈوز، سی ٹی ڈی اور سیکیورٹی فورسز نے حصہ لیا۔ حملے میں 16 پولیس اہلکاروں سمیت 22 افراد شہید ہوئے جبکہ 100 سے زائد زخمی ہوئے۔ حملہ آوروں نے مسجد کے قریب بارود سے بھری گاڑی دھماکے سے اڑانے کے بعد پولیس کمپاؤنڈ پر حملہ کیا تھا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق امدادی کارروائی مکمل کر لی گئی، جس کے دوران 24 گاڑیوں اور 60 سے زائد اہلکاروں نے حصہ لیا جبکہ کرک اور ہنگو کی ٹیموں نے بھی معاونت کی۔

20ویں ایشین گیمز 2026 کا تفصیلی ماسٹر شیڈول جاری، تمام کھیلوں اور مقابلوں کی تاریخیں طے

جاپان کے پریفیکچر ایچی اور ناگویا سٹی میں شیڈول 20ویں ایشین گیمز 2026 کے مقابلوں کا باضابطہ اور تفصیلی ماسٹر شیڈول جاری کر دیا گیا

ناگویا (این این آئی) جاپان کے پریفیکچر ایچی اور ناگویا سٹی میں شیڈول 20ویں ایشین گیمز 2026 کے مقابلوں کا باضابطہ اور تفصیلی ماسٹر شیڈول جاری کر دیا گیا، ایشیا کے سب سے بڑے سپورٹس فیسٹیول کے لیے جاری اس شیڈول کے تحت تمام کھیلوں کے ابتدائی راؤنڈز، کوالیفائنگ مرحلے اور میڈل ایونٹس کی تاریخوں اور وینیوز کا باقاعدہ تعین کر دیا گیا ہے جس کے ساتھ ہی شریک ممالک کی اولمپک کمیٹیوں اور دستوں نے اپنی تیاریاں تیز کر دیں۔ گیمز کی شاندار باضابطہ افتتاحی تقریب گزشتہ روز 19 ناگویا کے پالوما میزوہو سٹیڈیم میں منعقد ہوئی جبکہ اختتامی تقریب 4 اکتوبر کو ہوگی۔ شیڈول کے مطابق شائقین کی غیر معمولی دلچسپی کے باعث متعدد ٹیم ایونٹس کا آغاز باقاعدہ افتتاحی تقریب سے قبل ہی ہو جائیگا، باسکٹ بال (55) کے ابتدائی مقابلے 26 ستمبر تک جاری رہیں گے، فٹ بال کا 14 ستمبر کو شروع ہونے والا ٹورنامنٹ 3 اکتوبر تک کھیلا جائے گا جس میں خواتین کا فائنل 2 اکتوبر اور مردوں کا فائنل 3 اکتوبر کو ہوگا۔ انڈر واٹر والی بال کے مقابلے 3 اکتوبر تک، کرکٹ ٹی ٹوئنٹی کے مقابلے 17 ستمبر تا 3 اکتوبر، ٹیک بال 17 تا 20 ستمبر، ہاکی 3 اکتوبر تک شیڈول کیے گئے ہیں۔ کلاسک اور روایتی اولمپک کھیلوں میں سوئمنگ (تیراکی) کے مقابلے 25 ستمبر تک ٹوکیو ایکوا ٹکس سینٹر میں ہوں گے جن کے بعد آرٹسٹک سوئمنگ 26 تا 28 ستمبر جبکہ واٹر پولو 3 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ ایتھلیٹکس (ٹریک، فیلڈ اور میراتھن) کے سنسنی خیز مقابلے 23 تا 29 ستمبر ناگویا کے مرکزی سٹیڈیم میں منعقد ہوں گے۔ شوٹنگ کے مقابلے کیم اکتوبر، روئنگ 24 ستمبر تک، کینو اسپرنٹ 23 تا 26 ستمبر، کینو سلیلم 29 ستمبر تا 2 اکتوبر اور سیلنگ کے مقابلے 26 ستمبر تا 3 اکتوبر تک کھیلے جائیں گے۔ جمناسٹکس کے تحت آرٹسٹک جمناسٹکس 21 تا 25 ستمبر، ٹرامپولین 27 ستمبر اور ردھمک جمناسٹکس کیم تا 3 اکتوبر تک شیڈول ہے۔ ریکیٹ اور ٹیم سپورٹس کے زمرے میں بیڈمنٹن 20 تا 29 ستمبر، ٹیبل ٹینس 20 تا 28 ستمبر، ٹینس 27 ستمبر تا 3 اکتوبر، سکواش 23 ستمبر تا 2 اکتوبر، کبڈی 21 تا 26 ستمبر، سیپک ٹاکرا اور بیچ والی بال 20 ستمبر تا 3 اکتوبر، ہینڈ بال 19 تا 29 ستمبر اور رگبی سیونز کیم تا 3 اکتوبر تک منعقد ہوں گے۔

بقیہ صباء 1

سہیل آفریدی کہاں تھے؟ سہیل آفریدی سیاسی پوائنٹ سکورنگ کے لئے لاہور کی سڑکوں پر موجود تھے، ان کے پاس انتشار کی سیاست کا وقت ہے، اپنے صوبے کے عوام کیلئے وقت نہیں، اسلام آباد کو بند کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی، مسلح جتھے کو اسلام آباد کی طرف آنے نہیں دیا جائے گا، پی ٹی آئی والے کبھی پرامن نہیں رہے، پرامن احتجاج ان لوگوں کی روایت نہیں، پی ٹی آئی والوں سے حساب لیا جائے گا، فنڈز کے بہانوں کے پیچھے انہیں چھپنے نہیں دیں گے۔ ورکرز کنونشن سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے کہا کہ کوہاٹ کی فضا سوگوار ہے، دھرتی کے بہادر جوانوں نے ملکی دفاع کے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ سی ایم ایچ کوہاٹ میں زیر علاج زخمی جوانوں کا جذبہ دیدنی ہے، فوج اور پولیس کے جوانوں اور افسران نے بہادری سے آپریشن میں حصہ لیا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہم سب مل کر دہشت گردی کے ناسور کو ختم کر کے دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بزدل دہشت گرد چھپ کر وار کررہے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ شہید فہیم کے والد کا کہنا ہے کہ بیٹے کی شہادت قابل فخر لمحہ ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دہشت گرد اس قوم کے جذبے کو کم نہیں کر سکتے، دہشت گردی کے جڑ سے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کوہاٹ افسوسناک واقعہ کے وقت وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کہاں تھے؟ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی سیاسی پوائنٹ سکورنگ کے لئے لاہور کی سڑکوں پر موجود تھے، ان کے پاس انتشار کی سیاست کا وقت ہے، اپنے صوبے کے عوام کیلئے وقت نہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ سہیل آفریدی نے 15 منٹ جیل کا چکر لگایا اور چلے گئے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ تعلیم، صحت اور عوام کی فلاح و بہبود کے لئے آپ نے کیا کیا ہے؟ پی ٹی آئی حکومت صرف سوشل میڈیا پر پوائنٹس لگا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں پولیس کی سہولت کے لئے فرانزک لیب تک موجود نہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ من پسند لوگوں کو ٹھیکے دے کر پیسے وصول کئے جاتے ہیں، صوبے میں کرپشن کے نئے ریکارڈ قائم کئے جارہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اسلام آباد کو بند کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ مسلح جتھے کو اسلام آباد کی طرف آنے نہیں دیا جائے گا، پی ٹی آئی والے کبھی پرامن نہیں رہے، پرامن احتجاج ان لوگوں کی روایت نہیں ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پرامن لوگ گھروں سے ڈنڈے لے کر نہیں نکلتے، پی ٹی آئی والوں سے حساب لیا جائے گا، فنڈز کے بہانوں کے پیچھے انہیں چھپنے نہیں دیں گے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ کوہاٹ میں ٹنل اور موٹروے جیسے منصوبے محمد نواز شریف نے بنائے، خیبر پختونخوا میں جنگلات کاٹے جارہے ہیں، جعلی سگریٹس کی فیکٹریاں پکڑی گئی ہیں۔ وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گولڈ مائننگ کے ٹھیکے کن لوگوں کو دیئے گئے؟ صوبے کا ترقیاتی فنڈ کہاں خرچ ہو رہا ہے، کسی کو پتہ نہیں۔

بقیہ صباء 2

فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق نماز جنازہ میں وزیر داخلہ محسن نقوی، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، کور کمانڈر پشاور، شہداء کے لواحقین اور سینئر سول و عسکری حکام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہنگو میں خوارج سے فائرنگ کے تبادلے میں جام شہادت نوش کرنے والے پاک فوج کے 6 شہداء میں کیپٹن احمد فاروق شہید، لیفٹیننٹ شیراز بابر شہید، سپاہی شکیل احمد شہید، سپاہی حمزہ شہید، سپاہی محمد عثمان عزیز شہید اور نائب کمپلیٹ غلام سجاد شامل ہیں۔ شہداء کا جسد خاکی آبائی علاقوں کو روانہ کردیا گیا جہاں انہیں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ دفاع وطن کیلئے شہداء کی لازوال قربانیاں سکیورٹی فورسز کے غیر متزلزل عزم کو مزید تقویت دیتی ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز صوبہ خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو میں سکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 8 خوارج دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا تھا جبکہ 6 جوان شہید ہوگئے۔

بقیہ صباء 3

الامور نے کہا ہے کہ ملک میں نہیں نہ کوئی فرد ایسی کمپنی کے قیام کا خیال پیش کر رہا ہے جو مستقبل میں سینکڑوں افراد کو روزگار فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے باصلاحیت افراد کو اپنے خیالات پر عملی کام شروع کرنے کے لیے مناسب مواقع اور پلیٹ فارم فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار انوویشن ہائیو کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ امریکی ناظم الامور کے مطابق انوویشن ہائیو ایسے افراد کے لیے ایک جگہ اور پلیٹ فارم فراہم کر رہا ہے جو اپنے کاروباری خیالات کو عملی شکل دینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ انوویشن ہائیو امریکی تعلیمی، ٹیکنالوجی کے شراکت دار اداروں، امریکی سفارتخانے، امریکی کاروباری اداروں اور سرمایہ کاروں کے درمیان شراکت داری کا نتیجہ ہے، جس کا مقصد پاکستانی اسٹارٹ اپس اور کاروباری افراد کو ترقی کے لیے ضروری وسائل، روابط اور رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ امریکی ناظم الامور نے کہا کہ پاکستان میں صلاحیت ہر جگہ موجود ہے، لیکن مواقع ہمیشہ ان صلاحیتوں تک نہیں پہنچ پاتے۔ انوویشن ہائیو کا مقصد اسی خلا کو پر کرنا اور باصلاحیت پاکستانیوں کو اپنے خیالات اور کاروباری منصوبوں پر کام کرنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے لاہور میں ایک ایسے پاکستانی اسٹارٹ اپ سے ملاقات کا حوالہ بھی دیا جو کوڈنگ اور مصنوعی ذہانت کے جدید ذرائع تیار کر رہا ہے۔ ان کے مطابق اس اسٹارٹ اپ کے تیار کردہ ذرائع امریکہ کی بڑی کمپنیوں کو زیادہ مؤثر انداز میں کام کرنے میں مدد دے رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ انوویشن ہائیو بھی ایسے ہی پاکستانی اسٹارٹ اپس کی معاونت کے لیے قائم کیا گیا ہے۔ امریکی ناظم الامور نے کہا کہ پاکستانی کاروباری افراد میں عزم، محنت اور تخلیقی صلاحیت کی کوئی کمی نہیں۔ انوویشن ہائیو ان کی صلاحیت اور عزم کو کاروبار، شراکت داری اور مستقبل کے مواقع میں تبدیل کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ انوویشن ہائیو منگل سے ہفتہ تک ہفتے میں پانچ دن کھلا رہے گا جہاں کاروباری افراد کو تربیت، نیٹ ورکنگ اور امریکی ماہرین تک براہ راست رسائی حاصل ہوگی۔ ان کے مطابق پہلے سال کے اختتام تک ہائیو کے نیٹ ورک میں 250 سے زائد امریکی تربیت کاروں کی شمولیت متوقع ہے، جبکہ یہ پلیٹ فارم 50 سے زائد اعلیٰ کارکردگی کے حامل کاروباری افراد کی معاونت کرے گا۔ اسی طرح تصوراتی مرحلے پر موجود 500 سے زائد کاروباری افراد کو بھی معاونت فراہم کی جائے گی، جبکہ کاروبار شروع کرنے میں دلچسپی رکھنے والے ایک ہزار سے زائد افراد کو انوویشن ہائیو سے مدد ملے گی۔ امریکی ناظم الامور نے ایڈوینچر منصوبے کا بھی اعلان کیا، جس کے تحت امریکی حکومت 30 پاکستانی کاروباری افراد کے لیے پانچ لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی۔

بقیہ صباء 4

دہشتگردی کے واقعات میں کیپٹن، جوان اور پولیس اہلکار شہید ہوئے، جو پاکستان کے شہداء ہیں سب کو ان کے جنازوں میں شرکت کرنی چاہیے، خیبر پختونخوا میں شہداء کے جنازوں میں صوبائی حکومت کا کوئی رکن شریک نہیں ہوا، یہ بے حسی ہے، سیاسی اختلافات جتنے مرضی ہوں انہیں اس انتہا تک نہیں لے جانا چاہیے، صوبے کی صورتحال پورا پاکستان دیکھ رہا ہے، انتظامی یونٹس بنانے کا معاملہ تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور امید ہے یہ ضرور بنیں گے تاہم یہ عوام کی منشاء سے ہی بنیں گے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ کی صورت میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے احکامات پر من و عن عمل ہوگا اور جو بھی قانونی راستہ ہوگا استعمال کیا جائے گا، حکومت اپنی ذمہ داری پوری کرے گی، کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا، اس بار ایسا نہیں ہوگا کہ لانگ مارچ آئے اور 10 یا 20 روز تک ملک بند رہے، حکومت بار بار اس طرح کی صورتحال کو برداشت نہیں کرسکتی، حکومت اس بار مستقل لائحہ عمل بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی قیادت میں اکثریت لانگ مارچ کی حامی نہیں، لانگ مارچ کرنے والوں کو خود بھی معلوم نہیں کہ ان کے مطالبات کیا ہیں، اوچھے ہتھکنڈوں اور ہڑبونگوں سے کچھ حاصل نہیں ہوگا، حکومت قانون کے مطابق چلے گی، کسی کے کہنے پر نہیں۔ اسلام آباد پر دھاوا بولنے کا کسی کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا، اسلام آباد پر دھاوا بولنے والے اپنا نقصان اور لوگوں کا نقصان کرائیں گے، ابھی وقت ہے اس تنگ گلی میں نہ جائیں جہاں سے واپسی کا راستہ نہ بچے، اس طرح کے ڈراموں سے کوئی چیز حاصل نہیں ہوسکتی، اب یہ نہیں ہوگا کہ وہ لوگ آئیں گے اور ملک بند ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو چیک اپ کی سہولت پہلے ہی فراہم کی جا چکی ہے اور رات کو بھی ان کا چیک اپ ہوا ہے، علاج اور چیک اپ کے لیے قانون کے مطابق ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی۔ افغانستان سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ افغانستان دہشتگردوں کو جب تک نہیں روکے گا تعلقات معمول پر نہیں آئیں گے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ رات ایک بجے پشاور میں جنازوں میں تھا، آپ کے سیاسی اختلافات جتنے مرضی ہوں لیکن اتنا اوپر کسی کو جاتے نہیں دیکھا، ایسا کبھی نہیں ہوا کہ جنازوں میں شرکت نہ کریں، یہ شہید نہ ہمارے شہید ہیں نہ ان کے شہید ہیں، یہ پاکستان کے شہید ہیں، پی ٹی آئی والے اتنے بے حس ہوگئے کہ ہنگو کے شہداء کے جنازوں میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اور نہ کوئی وزیر شریک ہوا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جھٹکے اور عالمی منڈی کی صورتحال کے باعث قیمتوں پر اثر پڑ رہا ہے، دنیا میں پیٹرولیم مصنوعات کی قلت پیدا ہو رہی ہے تاہم پاکستان میں سپلائی برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے۔ وزیراعظم کی بھرپور کوشش ہے کہ پیٹرول کی قیمت نیچے لائی جائے، حکومت قیمت کم کرنے کے لیے دیگر راستے بھی تلاش کر رہی ہے۔ دنیا میں پیٹرول کی قیمت کہاں جارہی ہے، پتہ ہے، اگر پیٹرول کی قیمت اپنی جیب میں ڈال رہے ہوتے تو پھر تو بات کرتے، جس طرح دنیا کی صورتحال ہے علی پرویز ملک صحیح کہہ رہے ہیں 1000 پر بھی پٹرول نہیں ملے گا، کل بھی پٹرول بہت مشکل سے منگوایا ہے، بہت سے ممالک میں پیٹرول نہیں مل رہا، معیشت پر زیادہ نہیں بولنا چاہتا، عالمی مارکیٹ کے حساب سے پیٹرول کی قیمت بڑھتی ہے۔

بقیہ صباء 5

کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کی وزارت داخلہ کے درمیان مختلف شعبوں میں جاری تعاون اور اس سلسلے میں ہونے والی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ فریقین نے باہمی تعاون کو مزید مؤثر بنانے اور دونوں ممالک کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنانے کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی۔ ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی نے علاقائی امن و استحکام کے لیے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔ اسکندر مومنی نے کہا کہ ایران خطے میں قیام امن کے لیے پاکستان کی مسلسل کاوشوں کا شکرگزار ہے۔ انہوں نے پاکستان کی جانب سے علاقائی امن، استحکام اور باہمی تعاون کے لیے کی جانے والی کوششوں کو اہم قرار دیا۔ ایرانی وزیر داخلہ نے پاکستان کے اپنے حالیہ دورے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان کا دورہ پاکستان انتہائی مفید رہا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے رابطوں اور باہمی تعاون سے دوطرفہ تعلقات کو مزید آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔ ملاقات میں دونوں جانب سے اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان قریبی روابط اور مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا۔

بقیہ صباء 6

پی ٹی آئی کے خلاف مقدمات سیاسی نہیں بلکہ کرپشن کے ہیں، پی ٹی آئی کے ارکان اور کارکن کا فرض ہے کہ بانی سے کرپشن کا سوال کریں، تیل کی قیمتیں کم ہونے سے مہنگائی کا بحران بھی ختم ہوگا، اس مہنگائی کا تعلق حکومت کے ساتھ نہیں پوری دنیا بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں سے پریشان ہے۔ کا ماہانہ ترقیاتی رپورٹ کے اجراء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ تیل کی قیمتیں کم ہونے سے مہنگائی کا بحران بھی ختم ہوگا، اس مہنگائی کا تعلق حکومت کے ساتھ نہیں پوری دنیا بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں سے پریشان ہے، ہمارے معاشی اعشاریہ گزشتہ چار سالوں میں بہترین ہوگئے ہیں۔ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کو کامیابی ملی، خارجی محاذوں میں پاکستان کو کامیابی ملی، اب ان حالات میں ہمیں اپنے معاشی اعشاریوں کو بہتر کرنا ہے یا سڑکوں پر فساد برپا کر کے سرمایہ داروں کو ایک دفعہ پھر بھگانا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ہمیں اپنی عالمی کامیابیوں کو داخلی قوت میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، سیاسی جماعتوں کو دیکھنا ہوگا کہ کہیں وہ دشمنوں کے آلہ کار تو نہیں بن رہے، مسلم لیگ ن نے اپنے مقدمے قومی اسمبلی کے اندر اور عدالتوں میں لڑے اور کبھی پاکستان کے خلاف کوئی سازش نہیں کی، پاکستان کے مستقبل کے ساتھ کسی کو کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، انتشار سے معاشی ترقی کا سفر متاثر ہوتا ہے، پی ٹی آئی کا ایک چھوٹا گروہ سڑکوں پر دنگا مشتی کرنا چاہتا ہے، اسلام آباد کو سومنات بنانے کی سازش قوم مسترد کرے گی، پی ٹی آئی کے انتشاری ٹولے کی سیاست کے سومنات نہ بنے گی، بانی پی ٹی آئی کے خلاف مقدمات سیاسی نہیں بلکہ کرپشن کے ہیں، پی ٹی آئی کے ارکان اور کارکن کا فرض ہے کہ بانی سے کرپشن کا سوال کریں۔ احسن اقبال نے کہا کہ ماہانہ ترقیاتی اپ ڈیٹ شفاف، شواہد پر مبنی اور جوابدہ طرز حکمرانی کے عزم کا مظہر ہے، گزشتہ ڈھائی برس میں حکومت نے معاشی استحکام کی بحالی اور معیشت کی بنیادیں مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی، حکومت کی معاشی پالیسیوں سے حاصل ہونے والی پیش رفت پاکستان کو پائیدار ترقی، سرمایہ کاری اور عوام کے لیے نئے مواقع کی جانب لے جا رہی ہے، ہماری معاشی حکمت عملی کا مرکز عوام کی فلاح اور خوشحالی ہے، پاکستان کو زیادہ پیداواری اور برآمدات پر مبنی معیشت بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ اڑان پاکستان کے تحت سرمایہ کاری کے فروغ اور وسیع تر ترقیاتی ایجنڈے کے ذریعے پاکستان کو پائیدار اور جامع معاشی ترقی کی سمت لے جایا جارہا ہے۔

بقیہ صباء 7

2024 کے بعد پاکستان تحریک انصاف کے خلاف ظلم، جبر اور سیاسی انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، 26 نومبر کو ڈی چوک میں اپنے آئینی اور جمہوری حق کے لیے جمع ہونے والے پرامن شہریوں پر فائرنگ کی گئی، متعدد کارکن شہید ہوئے اور اس کے بعد تحریک انصاف کے خلاف مزید سخت کارروائیاں شروع کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سلسلہ 26 نومبر 2024 سے شروع نہیں ہوا بلکہ 9 اپریل 2022 سے تحریک انصاف کو مسلسل سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ہماری پرامن تحریک کے دوران کارکنوں کی شہادتیں ہوئی ہیں، لیکن تمام تر ظلم و جبر کے باوجود تحریک انصاف نہ ٹوٹی، نہ جھکی اور نہ ختم ہوئی۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ عمران خان اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹے، ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو جیل میں رکھا گیا جبکہ گزشتہ دنوں ان کی تین بہنوں اور ان کے بچوں کو بھی گرفتار کیا گیا، لیکن ایسے اقدامات کے باوجود تحریک انصاف کی جدوجہد جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ 26 نومبر 2024 کے بعد تقریباً دو سال کا عرصہ گزرنے کو ہے۔ اس دوران تحریک انصاف نے کوئی بڑا لانگ مارچ نہیں کیا، خیبر پختونخوا سے باہر کوئی بڑا جلسہ نہیں کیا اور حتیٰ کہ حکومت نے بھی اپنے تمام آئینی اور جمہوری فورمز استعمال کیے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی اسمبلی میں تحریک انصاف نے اپنا مقدمہ پیش کیا، قومی اسمبلی میں اپنا موقف اٹھایا اور تمام آئینی فورمز سے بھی رجوع کیا، لیکن کوئی نتیجہ سامنے نہیں آیا۔ وفاقی اور پنجاب حکومتوں سے بھی رابطہ کیا گیا، لیکن ان کی جانب سے کوئی مثبت جواب نہیں دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ عدالتوں سے بھی رجوع کیا گیا، لیکن عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ ہونے سے سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر عدالتوں کے احکامات بھی نافذ نہ ہوں تو عام شہری انصاف کے لیے کہاں جائے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کی جانب سے عمران خان سے ملاقات کے حوالے سے احکامات جاری کیے گئے، لیکن ان پر عمل نہیں کیا گیا۔ اسی طرح عمران خان کے علاج اور طبی سہولیات کے حوالے سے سپریم کورٹ کے احکامات کا بھی حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر عدالت عظمیٰ کے احکامات بھی نظر انداز کیے جائیں تو آئینی و قانونی راستوں کی افادیت پر سوال اٹھتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ تحریک انصاف نے اسمبلیوں کو استعمال کیا، عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹایا اور ہر ممکن آئینی راستہ اختیار کیا۔ جب ان تمام راستوں سے شنوائی نہ ہوئی تو پرامن احتجاج کے سوا کوئی راستہ باقی نہیں رہتا۔ انہوں نے کہا کہ پرامن احتجاج کوئی جرم نہیں بلکہ آئین کی جانب سے دیا گیا بنیادی جمہوری حق ہے۔

بقیہ صباء 8

پروم میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر سکیورٹی فورسز نے کارروائی کی، جس کے نتیجے میں فتنہ الہندوستان سے وابستہ 4 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مطابق کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ امن و استحکام کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ صباء 9

ایئرلائنز کے دنیا بھر میں فلائٹ آپریشن پر پابندی عائد ہوگی۔ اسکاٹ بیسنٹ کے مطابق ایرانی ایئرلائنز کو لینڈنگ کی اجازت دینے والے ہوائی اڈے امریکی ڈالر کے مالیاتی نظام سے خارج کیے جا سکتے ہیں۔ امریکی وزیر خزانہ نے کہا کہ چین ایران کے خلاف امریکی اقتصادی دباؤ کی مہم کو بہت قریب سے دیکھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے ساتھ تنازع کب تک جاری رہے گا، اس بارے میں کچھ نہیں بتا سکتا۔ اسکاٹ بیسنٹ کا کہنا تھا کہ ایران تنازع ختم ہونے کے بعد شرح سود میں کمی آنی چاہیے۔

بقیہ صباء 10

جنس اور طالبان رجیم کے درمیان رابطے کا انکشاف ہوا ہے۔ افغان انٹرنیشنل نے خفیہ تحقیقاتی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا ہے کہ بھارتی خفیہ ایجنسی را، طالبان جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس (جی ڈی آئی) اور طالبان قیادت پر مشتمل نیٹ ورک 2025 میں قائم ہوا۔ طالبان انٹیلی جنس نے ہیبت اللہ اخوندزادہ کی ہدایات پر فتنہ الہندوستان، فتنہ الخوارج اور دیگر دہشتگرد گروہوں کے روابط قائم کیے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے قندھار کے گورنر ملا شیرین نے القاعدہ اور فتنہ الخوارج (گل بہادر گروپ) کیساتھ میٹنگ کی اور دہشت گردی کیلئے بی ایل اے کی مدد کرنے کا کہا۔ جولائی 2025 میں جی ڈی آئی نے 3 میٹنگز کرائیں اور پاکستان میں دہشت گردی کیلئے فتنہ الہندوستان کو بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ افغان انٹرنیشنل کے مطابق قندھار میں فتنہ الخوارج (ٹی ٹی پی) کے کمانڈر نے دوسری میٹنگ میں بی ایل اے نے بلوچستان میں دہشت گردی کیلئے جماعت الاحرار کو 5.3 ملین افغانی دیے، تیسری میٹنگ افغانستان سے باہر را اور جی ڈی آئی کے مابین ہوئی جس میں بی ایل اے اور ٹی ٹی پی کی بلوچستان میں مشترکہ کارروائیوں کا فیصلہ کیا گیا۔ دستاویز میں انکشاف کیا گیا کہ بھارتی خفیہ ایجنسی را نے پاکستان میں کارروائی کیلئے 8.7 ملین ڈالر سے زائد رقم فراہم کی۔ پاکستانی سکیورٹی فورسز کے شدید دباؤ کے باعث افغان طالبان رجیم کی سرپرستی میں 26 اگست کو قندھار میں ایک ہنگامی اجلاس ہوا، جس میں فتنہ الہندوستان سے وابستہ بشیر زیب، خلیل بلوچ، صفت اللہ مینگل، انور نظامی اور مجید بلوچ نے بھی شرکت کی۔ رپورٹ کے مطابق افغان طالبان نے بی ایل اے کو یقین دہانی کرائی کہ فتنہ الخوارج اور القاعدہ بلوچستان میں افرادی قوت، ہتھیاروں اور لاجسٹکس میں مدد کریں گے۔ رپورٹ کے مطابق طالبان سپریم لیڈر ملا ہیبت اللہ کا فتنہ الہندوستان کو طالبان رجیم کی جانب سے اسلحہ فراہمی کیلئے لکھا گیا خط ابھی دونوں کے گٹھ جوڑ کا واضح ثبوت ہے۔ ملا ہیبت اللہ کی جانب سے خط میں کلاشنکوف رائفلز، راکٹ لانچرز اور گولہ بارود کی منتقلی اور حوالگی کی ہدایت دی گئی۔ ٹی ٹی پی کے سابق رکن ملا معراج الدین فراہی کو بی ایل اے کو افرادی قوت، اسلحہ اور مالی وسائل کی فراہمی کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ دستاویز کے مطابق بلوچستان میں زیادہ تر حملے فتنہ الخوارج اور القاعدہ کرتی ہے جبکہ ذمہ داری فتنہ الہندوستان قبول کرتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق دہشتگرد وحیت ورکس کے مشترکہ انتظام کا مقصد امریکی پابندیوں کی زد میں دہشتگرد تنظیم القاعدہ کی شمولیت چھپانا ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ 4 ستمبر کے زیارت حملے کو فتنہ الخوارج نے انجام دیا جبکہ فتنہ الہندوستان نے عالمی پابندیوں سے بچنے کیلئے ذمہ داری قبول کی۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں دہشتگردی کیلئے بھارتی را، طالبان رجیم کیساتھ افغان سرزمین کو دہشت گردوں کی تربیت، مالی معاونت اور پناہ گاہوں کیلئے استعمال کر رہی ہے۔ دفاعی ماہرین کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی را اور طالبان رجیم اپنے مذموم مقاصد کے حصول کیلئے مسلسل دہشتگردوں کی پشت پناہی میں ملوث ہیں۔ جبکہ افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی خطے کے امن کیلئے خطرہ ہے، موجودہ صورتحال دہشتگردی کو پورے خطے تک پھیلا سکتی ہے

بقیہ صباء 11

میں جاری تنازعات نے ثابت کردیا ہے کہ عسکری محاذ آرائی سیاسی تنازعات کا پائیدار حل نہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ عالمی برادری جنگ کے بجائے مذاکرات کے ذریعے تنازعات کے حل کی راہ اختیار کرے۔ پاکستان نے ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات کی راہ ہموار کر کے امن کے عزم کا عملی مظاہرہ کیا، جبکہ ایران اور امریکہ کے درمیان اسلام آباد مفاہمتی یادداشت نے ثابت کیا کہ جنگ سے مکالمہ بہتر اور تنازع سے سفارت کاری زیادہ طاقتور ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خود جنگ، دہشت گردی اور علاقائی عدم استحکام کے باعث بے شمار نقصانات اٹھا چکا ہے اور تنازعات کی تباہ کن انسانی و معاشی قیمت کو بخوبی سمجھتا ہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان رابطے میں سہولت کاری تنازعات کے پرامن حل کی حمایت کی پاکستان کی مستقل پالیسی کا مظہر ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے لیے مسئلہ کشمیر، پانی اور دہشت گردی سمیت تمام تصفیہ طلب مسائل مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے حل کیے جانے چاہئیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے مشرق وسطیٰ میں شہری آبادی کو درپیش مسلسل مشکلات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خطے میں تشدد کا خاتمہ، شہریوں کا تحفظ اور منصفانہ و پائیدار امن کے لیے بامعنی عالمی کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی اصولوں کا سلیکٹیو بنیادوں پر اطلاق کر کے امن قائم نہیں کیا جا سکتا، خودمختاری، علاقائی سالمیت، انسانی حقوق اور اقوام کے حق خودارادیت کا عالمی سطح پر یکساں احترام یقینی بنانا ہوگا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ امن محض جنگ نہ ہونے کا نام نہیں بلکہ انصاف، مکالمہ، مساوات اور انسانی وقار کی پاسداری بھی ضروری ہے۔ عالمی برادری محاذ آرائی کے بجائے سفارت کاری اور تقسیم کے بجائے تعاون کا راستہ اختیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے وژن کی پیروی کرتے ہوئے جمہوری اقدار اور پرامن بقائے باہمی کے اصولوں کی حمایت جاری رکھے گی اور بین الاقوامی تنازعات کے سفارتی حل کی حمایت کرتی رہے گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے عالمی رہنماؤں پر زور دیا کہ وہ امن کو حقیقی موقع دیں اور ایسی دنیا کی تعمیر کے لیے اجتماعی کوششیں کی جائیں جہاں تنازعات کا فیصلہ میدان جنگ میں نہیں بلکہ مذاکرات کی میز پر ہو۔

بقیہ صباء 12

دہانی ہے کہ مکالمہ، سفارت کاری اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد و اصولوں پر عمل ہی پائیدار امن حاصل کرنے کا واحد ذریعہ ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم نے ان خیالات کا اظہار عالمی یوم امن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کے چارٹر کو برقرار رکھتے ہوئے بین الاقوامی قانون کا احترام اور تنازعات کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے پرامن ذرائع سے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ اقوام متحدہ کے امن مشنوں میں فوجی دستے فراہم کرنے والے ایک طویل عرصے سے سرگرم اور صف اول کے ملک کے طور پر بین الاقوامی امن و سلامتی کے قیام کے لیے پاکستان کا پائیدار عزم مسلمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تنازعات کی روک تھام اور ان کے حل کے لیے مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے ایک جامع نقطہ نظر کی حمایت جاری رکھے ہوئے ہے، تنازعات کے پرامن تصفیے کے حق میں ہماری سفارتی کاوشیں جن میں ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی بھی شامل ہے، اسی عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کونسل کی صدارت کے دوران پاکستان کی جانب سے پیش کردہ اقوام متحدہ کی سکیورٹی کونسل کی قرارداد 2788 کا متفقہ طور پر منظور ہونا تنازعات کے پرامن تصفیے کے لیے میکانزم کو مضبوط بنانے کے کونسل کے عزم کی ایک اہم تصدیق ہے۔

بقیہ صباء 13

غلام سرور گوان کے گھر کے قریب فائرنگ کا نشانہ بنایا۔ فائرنگ کے نتیجے میں غلام سرور سمیت دو افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ واقعے کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی طور پر فائرنگ کا واقعہ زمین کے تنازع کا شاخسانہ معلوم ہوتا ہے، تاہم واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے کوششیں کی جارہی ہیں۔ پولیس نے دونوں لاشیں سول ہسپتال منتقل کر دیں، جہاں ضروری کارروائی مکمل ہونے کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کر دی گئیں۔

بقیہ صباء 14

ڈرون حملوں کے باعث سعودی عرب کی ایسٹ ویسٹ پائپ لائن بند ہونے سے خام تیل کی بڑی مقدار ایک بار پھر آبنائے ہرمز کی طرف منتقل ہوئی ہے جس نے پہلے سے دباؤ کے شکار آئل ٹینکرز کے بیڑے پر مزید بوجھ ڈال دیا ہے۔ اخبار کے مطابق اس صورتحال کے اثرات دنیا بھر میں پھیل چکے ہیں کیونکہ آبنائے ہرمز کے اردگرد طویل سفر اور شپنگ سروس میں بحری جہازوں کے مصروف ہونے سے آئل ٹینکرز کے یومیہ کرائے ریکارڈ سطح پر پہنچ گئے ہیں۔ وال اسٹریٹ جرنل نے بتایا کہ خام تیل لے جانے والے بہت بڑے بحری جہازوں (جنہیں وی ایل سی سی یا سپر ٹینکرز کہا جاتا ہے) کی دستیابی میں اچانک کمی نے آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل کی لاگت کو تاریخ کی بلند ترین سطح تک پہنچا دیا ہے۔ میری ٹائم انٹیلی جنس فرم 'ونڈورڈ' کے مطابق رواں ماہ خلیج فارس کے اندر سے تیل لوڈ کر کے آبنائے ہرمز سے گزرنے کے لیے ایک سپر ٹینکر کا کرایہ 10 لاکھ ڈالر یومیہ سے تجاوز کر گیا ہے، موجودہ مارکیٹ قیمت کے لحاظ سے یہ لاگت 26 ڈالر فی بیرل یا خام تیل کی کل مالیت کا تقریباً ایک چوتھائی بنتی ہے۔ عام حالات میں شپنگ کے اخراجات خام تیل کی کل مالیت کا بہت معمولی حصہ ہوتے ہیں۔

بقیہ صباء 15

کاری، انصاف اور بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مکمل پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے، عوام کے حق خودارادیت سے انکار اور سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عدم عملدرآمد کے حامل غیر ملکی تسلط کے حالات میں پائیدار امن قائم نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے یہ بات عالمی یوم امن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی جو 21 ستمبر کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں منایا جارہا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ امن کا عالمی دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ پائیدار امن صرف مذاکرات، سفارت کاری، انصاف اور بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد اور اصولوں کے مکمل احترام کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کا موضوع امن میں سرمایہ کاری: ہر ایک کے لیے، ہر جگہ، ہر دن، ہمیں یاد دلاتا ہے کہ امن کے لیے ہر سطح پر مسلسل کوششوں کی ضرورت ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان بین الاقوامی امن و سلامتی اور اقوام متحدہ کے مرکزی کردار پر مبنی مضبوط، مؤثر اور جامع کثیرالجہتی نظام کے لیے اپنے پختہ عزم پر کاربند ہے۔ ہم تنازعات کے پرامن تصفیہ اور مذاکرات، سفارت کاری اور اجتماعی اقدام کی بنیاد پر تنازعات کی روک تھام اور حل کے لیے جامع نقطہ نظر کی حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کئی دہائیوں سے پاکستانی امن دستوں نے دنیا بھر میں اقوام متحدہ کے مشن میں خدمات انجام دی ہیں، شہریوں کے تحفظ، تنازعات سے متاثرہ کمیونٹیز کی مدد کرنے اور ایسے حالات پیدا کرنے میں معاونت کی ہے جہاں امن کی بنیاد مضبوط ہو سکے۔ اکثر مشکل اور خطرناک حالات میں، ان کی خدمات بین الاقوامی امن کے لیے پاکستان کے دیرینہ عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔

بقیہ صباء 16

احمد نے صحافیوں کو بیک گراؤنڈ بریفنگ دی ہے اور بتایا کہ 81ویں جنرل اسمبلی کا اجلاس 22 ستمبر سے 26 ستمبر اور 28 ستمبر کو منعقد ہوگا، نومنتخب صدر کی جانب سے جنرل ڈیبیٹ کا موضوع اتحاد کی بحالی، تبدیلی کا انتظام: ایک اقوام متحدہ جو سب کے لیے کام کرے مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف 25 ستمبر کو جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے، جس میں وہ علاقائی اور عالمی سلامتی کی صورت حال پر پاکستان کا موقف پیش کریں گے اور تنازعات کے پرامن حل، مکالمے، سفارت کاری اور تحمل کی ضرورت پر زور دیں گے۔ عاصم افتخار احمد نے کہا کہ وزیر اعظم اپنے خطاب میں پائیدار ترقی، موسمیاتی تبدیلی، انسداد دہشت گردی، اسلاموفوبیا، عالمی اقتصادی چیلنجز، اقوام متحدہ میں اصلاحات اور پائیدار ترقی کے اہداف سمیت اہم عالمی معاملات پر پاکستان کی ترجیحات بھی اجاگر کریں گے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کا کہنا تھا کہ پاکستان فلسطین اور مقبوضہ جموں و کشمیر سمیت طویل تنازعات اور حق خودارادیت سے متعلق مسائل پر بھی عالمی برادری کی توجہ مبذول کرائے گا اور متعلقہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ان کے حل پر زور دے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم جنرل اسمبلی کے موقع پر عالمی رہنماؤں اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے، نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی بھی متعدد دوطرفہ اور کثیر الجہتی ملاقاتیں ہوں گی۔ عاصم افتخار احمد نے کہا کہ وزیر خارجہ 23 ستمبر کو مصنوعی ذہانت اور سلامتی سے متعلق سلامتی کونسل کے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں بھی شرکت کریں گے، پاکستان اقوام متحدہ کے اعلیٰ سطح کے ہفتے کو علاقائی امن و استحکام، کثیر جہتی نظام کے فروغ اور عالمی تنازعات کے حل کے لیے سفارت کاری اور بین الاقوامی تعاون کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے استعمال کرے گا۔ دوسری جانب ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف 22 ستمبر کو صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے دیے جانے والے عصرانے میں بھی شرکت کریں گے۔

بقیہ صباء 17

باشندوں کو حراست میں لے لیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے آپریشن رد الفتنہ 3 کے تحت پنجگور کے علاقے اپھان کور، پروم میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران سکیورٹی فورسز اور علاقے میں موجود دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فائرنگ کے نتیجے میں فتنہ الہندوستان کے 4 دہشت گرد ہلاک ہو گئے، جبکہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بدستور جاری ہیں اور علاقے میں کلیئرنس آپریشن بھی کیا جارہا ہے۔ دوسری کارروائی میں سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے دشت میرانی میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے خواتین اور بچوں سمیت 58 غیر قانونی افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق گرفتار افراد انسانی اسمگلروں کے ذریعے پاکستان کے راستے ایران اور پھر یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے۔ حکام کے مطابق گرفتار افغان باشندوں کو مزید قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ پولیس حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ سرحدی علاقوں میں انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی نقل و حرکت کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ سکیورٹی فورسز سرحدی علاقوں میں قانون کی عملداری یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں کر رہی ہیں۔

بقیہ صباء 18

کوشش ہے کہ ہمارے نوجوان نہ صرف اپنے مستقبل کو بہتر بنائیں بلکہ ملک و قوم کے مستقبل کی تعمیر میں بھی اپنا کردار ادا کریں۔ اس ضمن میں وائس چانسلر محض کسی اعلیٰ تعلیمی ادارے کے سربراہ ہی نہیں ہوتا بلکہ وہ نوجوان نسل کے مستقبل، جدید ریسرچ کے فروغ اور معاشرے کی فکری سمت کے تعین میں بھی کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ ہماری مشترکہ کاوشوں سے تمام سرکاری یونیورسٹیوں کو معیار اور مقدار کے اعتبار سے بلند تر مقام تک پہنچانے میں ہم کامیاب ہوئے ہیں جو سب کیلئے باعث فخر و مسرت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں گوادر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رزاق صابر اور تربت یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کی وسیع و عریض ساحلی پٹی میں مستقبل کی ایک بڑی معاشی و تجارتی صلاحیت موجود ہے۔ گوادر اور تربت صرف جغرافیائی اہمیت نہیں رکھتے بلکہ بلیو اکانومی، میری ٹائم ٹریڈ، ماہی گیری، کوسٹل مینجمنٹ اور سمندری وسائل کے حوالے سے بھی غیر معمولی امکانات رکھتے ہیں۔ اس روشن مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے گوادر یونیورسٹی اور تربت یونیورسٹی دونوں کے کندھوں پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں کہ وہ اپنے تعلیمی پروگرامز اور تحقیقی ترجیحات کو اپنی مقامی معاشی ضروریات سے ہم آہنگ کریں اور یونیورسٹی طلباء و طالبات کو بلیو اکانومی، کوسٹل مینجمنٹ، میرین سائنسز اور فشریز کی تجارت سمیت جدید شعبوں کیلئے تیار کریں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ آج کی دنیا میں قدرتی وسائل سے زیادہ اہم انسانی وسائل ہیں۔ اگر ہمارے نوجوان معیاری تعلیم، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور جدید مہارتوں سے لیس ہوں تو بلوچستان کے وسائل بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے روزگار، کاروبار اور خوشحالی کے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ میری اولین ترجیح کوالٹی ایجوکیشن کا فروغ ہے۔ اس خواب کو حقیقت میں بدلنے کیلئے تمام وائس چانسلرز صاحبان اور دیگر متعلقہ ذمہ داران کا بھرپور تعاون اشد ضروری ہے۔

بقیہ صباء 19

سے میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ شہباز شریف کی تقریر میں کثیر جہتی تعاون، موسمیاتی تبدیلی اور موجودہ عالمی صورتحال بھی شامل ہوگی۔ وزیر اعظم شہباز شریف 25 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس سے خطاب کریں گے۔ سفیر کے مطابق وزیر اعظم اپنے دورے کے دوران کئی عالمی رہنماؤں سے بھی ملاقاتیں کریں گے، وزیر اعظم اور ایپل کے ایگزیکٹو چیئرمین ٹم کک کے درمیان ملاقات کا انتظام کرنے کی بھی کوشش ہو رہی ہے۔ وزیر اعظم کا یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اعلیٰ سطحی اجلاس شروع ہو چکا ہے اور عالمی رہنماؤں کے درمیان ہونے والی بات چیت میں مشرق وسطیٰ کا تنازع نمایاں موضوع رہنے کی توقع ہے۔ پاکستانی دفتر خارجہ کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف اپنے دورے کے دوران اہم عالمی معاملات پر پاکستان کا موقف اجاگر کریں گے، ان کی تقریر میں پائیدار ترقی، موسمیاتی تبدیلی، دہشت گردی کے خلاف اقدامات، اسلاموفوبیا، عالمی اقتصادی چیلنجز، اقوام متحدہ میں اصلاحات اور عالمی جنوب کو درپیش مسائل شامل ہوں گے۔ وزیر اعظم فلسطین اور جموں و کشمیر کے مسائل پر بھی توجہ مرکوز کریں گے۔ دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ صباء 20

فورم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ سے کشیدگی میں اضافے سے متعلق خبردار کیا ہے۔ شیخ محمد نے امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف جنگ کے معاشی اثرات کو زلزلہ قرار دیا ہے، جس کے جھٹکے مشرق وسطیٰ کی سرحدوں سے کہیں آگے تک محسوس کیے جا رہے ہیں۔ قطری وزیر اعظم کے مطابق بحران کے دوران تقریباً ہر گفتگو کا آغاز سلامتی اور کشیدگی میں کمی سے ہوا، جس کے بعد توانائی کی فراہمی، بحری راستوں اور سرمایہ کاری کے منصوبوں پر بات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ مستقل سلامتی ایسے انتظامات کے ذریعے قائم نہیں کی جاسکتی جن میں کسی ریاست کو مستقل طور پر عدم تحفظ کا سامنا رہے، کشیدگی کی وجوہات کو حل کر کے اعتماد سازی کرنا ہوگی۔ قطری وزیر اعظم نے آئندہ 5 برس کے دوران ملکی انفرا اسٹرکچر پر 38 ارب ڈالرز سے زائد کی سرمایہ کاری کا بھی اعلان کیا، جس کا مقصد نجی سرمایہ کاروں کو راغب کرنا اور قطر کی معاشی مضبوطی کا اظہار کرنا ہے۔

بقیہ صباء 21

بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے بھی پلائے۔ انسداد پولیو مہم 21 سے 27 ستمبر 2026 تک ملک بھر کے منتخب 11 اضلاع میں جاری رہے گی، جس کے دوران تقریباً 3 کروڑ 10 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ حکومت پاکستان وزیراعظم کی قیادت میں ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے، پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے مؤثر اور مربوط حکمت عملی کو مزید مضبوط بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہر بچے تک پولیو ویکسین کی بروقت رسائی یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، جبکہ انسداد پولیو اور معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام کے درمیان مؤثر ہم آہنگی کو بھی مزید مضبوط بنایا جارہا ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے والدین، کمیونٹی رہنماؤں اور تمام اسٹیک ہولڈرز کا تعاون ناگزیر ہے۔ پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کی ویکسینیشن یقینی بنانا قومی ذمہ داری ہے، والدین اپنے بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کے لیے پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ افتتاحی تقریب میں ہیلتھ کوآرڈینیٹرز، شراکت دار اداروں کے نمائندگان اور پولیو پروگرام کی کور ٹیم کے ارکان بھی موجود تھے۔

بقیہ صباء 22

زخمی ہوئے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق پاک افغان سرحدی علاقے میں فتنہ الخوارج اور دہشتگردوں کے کیمپوں اور ٹھکانوں کو بھی نشانہ بنایا گیا، کارروائی میں 3 اہداف کو کامیابی سے تباہ کیا گیا، تباہ کیے گئے اہداف میں خودکش بمباروں کی تربیت کا مرکز بھی شامل تھا۔ وزارت اطلاعات و نشریات کے مطابق کارروائی میں متعدد خودکش بمباروں سمیت 28 دہشتگرد ہلاک ہوئے، مراکز اور ٹھکانوں میں بڑی مقدار میں ذخیرہ اسلحہ و گولہ بارود بھی تباہ کردیا گیا۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن و استحکام برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے، شہریوں کی سلامتی اور تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔ یہ انتہائی تشویش کا باعث ہے کہ افغانستان بدستور دہشتگردی کا مرکز بنا ہوا ہے، پاکستان کو لاحق دہشتگردی کا خطرہ افغانستان سے پیدا ہورہا ہے، اسی تناظر میں دہشتگردوں کے مراکز کو درستگی کے ساتھ نشانہ بنایا گیا۔ وزارت اطلاعات کے مطابق کارروائیوں کے دوران زیادہ سے زیادہ احتیاطی تدابیر اختیار کیں، یقینی بنایا گیا کہ کسی قسم کا ضمنی نقصان نہ ہو، انسداد دہشتگردی مہم غضب الحق پوری رفتار سے جاری رہے گی، مہم جاری ہے تاکہ ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کیا جاسکے۔

بقیہ صباء 23

اپھان اور کوہ پروم میں آپریشن کے تحت سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران فتنہ الہندوستان سے وابستہ 4 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ انہوں نے بتایا کہ کارروائیوں کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ بابر خان یوسفزئی نے سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بروقت کارروائیاں دہشتگرد عناصر کے خلاف مؤثر پیش قدمی ہیں۔ معاون برائے داخلہ نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے دہشتگرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین بھی پیش کیا۔

بقیہ صباء 24

باعث امریکا ہماری ٹیک کمیونٹی کا مضبوط ترین شراکت دار بن کر ابھرا ہے۔ وہ پیر کو یونائیٹڈ سٹیٹس ایجوکیشنل فاؤنڈیشن ان پاکستان کے زیر اہتمام منعقدہ انوویشن ہائیو ربن کٹنگ تقریب میں بطور مہمان خصوصی کلیدی خطاب کر رہی تھیں۔ تقریب میں امریکی ناظم الامور (چارج ڈی افیئرز) نیٹالی بیکر اور دیگر سفارتی و تعلیمی شخصیات نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان میں بڑی بین الاقوامی ٹیک کمپنیوں کی فزیکل موجودگی میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے، گزشتہ برس گوگل نے کروم بک اسمبلی لائن جبکہ رواں برس باضابطہ دفتر کا افتتاح کیا، ایپل نے پاکستان کے لیے پہلے ہیڈ آف گورنمنٹ افیئرز کو ملک میں تعینات کیا اور امریکی ایکسلریٹر پلگ اینڈ پلے بھی ملکی ٹیک ایکو سسٹم کا حصہ بن چکا ہے جو باصلاحیت نوجوانوں اور ملکی مارکیٹ پر عالمی اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزارت آئی ٹی کے ادارے اگنائٹ کے ذریعے حکومت سٹارٹ اپس کی سرپرستی جاری ہے اور اب پاکستان سٹارٹ اپ فنڈ کے دوسرے مرحلے کا آغاز کیا جارہا ہے جس کے لیے حکومت نے 10 ملین ڈالر کی ابتدائی سیڈ گرانٹ مختص کی ہے جبکہ ورلڈ بینک اور دیگر شراکت داروں کے تعاون سے بڑا ایکسلریٹر فنڈ تشکیل دیا جارہا ہے، عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھانے کے لیے اس فنڈ کا انتظام حکومت کے بجائے گلوبل فنڈ مینیجرز سنبھالیں گے۔ اس کے علاوہ ملک بھر میں 8 ڈیجیٹل انکوبیشن سینٹرز فعال ہیں جن میں خواتین انٹرپرینیورز کے لیے قائم خصوصی سینٹر بھی شامل ہے۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ روزگاری پر قابو پانے کے لیے سالانہ 25 سے 30 لاکھ روزگار کے مواقع درکار ہیں جس کا بہترین حل انٹرپرینیورشپ کا فروغ ہے۔

بقیہ صباء 25

میں تقریباً 100 اسرائیلی قابضین نے اسرائیلی فورسز کی حفاظت میں مسجد اقصیٰ کے احاطے پر دھاوا بول دیا اور مذہبی رسومات ادا کیں۔ یہ واقعہ اسرائیلی وزیر اعظم بن یامین نیتن یاہو کی وزرا اور ہزاروں اسرائیلی قابضین کے تحت سکیورٹی میں مشرقی بیت المقدس کی مغربی دیوار پلازہ میں داخل ہونے کے ایک دن بعد پیش آیا ہے۔ یہ دراندازی ایسے وقت بھی ہوئی ہے جب یہودیوں کا تہوار یوم کپور اتوار کی شام شروع ہوکر پیر کی شام تک جاری رہا۔ سعودی وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ یہ اقدام ایک کھلی خلاف ورزی اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے سراسر اشتعال انگیزی ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ سعودی عرب مقبوضہ فلسطین میں فلسطینیوں اور مقدس مقامات کے خلاف اسرائیلی قابض حکام کی جانب سے کی جانے والی اشتعال انگیز کارروائیاں، اکسانے عمل اور غیر قانونی و انتہاپسندانہ پرتشدد کارروائیوں کو ایک بار پھر قطعی طور پر مسترد کرتا ہے۔ سعودی عرب نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ بین الاقوامی قانون اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی پر مبنی ان تمام حملوں کو روکنے کے لیے اپنی ذمہ داری پوری کرے۔ دوسری جانب قطر کی وزارت خارجہ نے بھی اپنے بیان میں کہا کہ انتہاپسند اسرائیلی وزیر اور آبادکاروں کی جانب سے مسجد اقصیٰ پر دھاوا قابل مذمت اور عالمی قانون کی کھلی خلاف ورزی اور دنیا بھر کے اربوں مسلمانوں کے جذبات کے لیے ناقابل قبول اشتعال انگیزی قرار ہے۔ قطری وزارت خارجہ نے کہا کہ مسجد اقصیٰ خالصتاً مسلمانوں کی عبادت گاہ ہے، بیت المقدس اور اس کے مقدس مقامات کی تاریخی اور قانونی حیثیت کو تبدیل کرنے کے لیے کیے جانے والے کوئی بھی یک طرفہ اقدامات بین الاقوامی قانون کے تحت غیر قانونی ہیں۔ بیان میں خبردار کیا گیا ہے کہ اس طرح کی مسلسل خلاف ورزیاں اور اشتعال انگیزیاں خطے میں مزید تشدد اور کشیدگی کو بھڑکانے کا خطرہ پیدا کرتی ہیں اور امن و استحکام کے امکانات کو نقصان پہنچاتی ہیں۔

بقیہ صباء 26

اجلاس سے صرف ایک گھنٹہ قبل بتایا جاتا ہے کہ وزیر شرکت نہیں کرسکتے۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ دیگر قائمہ کمیٹیوں میں بھی کوئی وزیر نہیں آتا۔ اجلاس میں یونیورسٹیوں کی ڈگریوں کی تصدیق اور طلبہ کے دوبارہ ٹیسٹ سے متعلق معاملہ بھی زیر بحث آیا۔ چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن نے کمیٹی کو بتایا کہ کمیشن نے فیصلہ کیا ہے کہ متعلقہ افراد دوبارہ ٹیسٹ دیں گے۔ اس پر چیئرپرسن کمیٹی نے سوال اٹھایا کہ اتنے عرصے بعد کوئی شخص دوبارہ ٹیسٹ کیسے پاس کرے گا، میں بھی اتنے عرصے بعد ٹیسٹ پاس نہیں کرپاؤں گی۔ سینیٹر بشریٰ انجم بٹ نے چیئرمین ایچ ای سی سے سوال کیا کہ جن افراد کی ڈگریوں کا مسئلہ ہے کیا وہ اب امتحان پاس کرسکتے ہیں؟ چیئرمین ایچ ای سی نے جواب دیا کہ اگر سپریم کورٹ کی ہدایت آئی ہے تو وہ کچھ نہیں کرسکتے۔ کامران مرتضیٰ نے کہا کہ کمیشن کی فائنڈنگ اور سپریم کورٹ کا فیصلہ بھی دیکھنا ہوگا۔ اجلاس میں الخیر یونیورسٹی کی ایچ ای سی سے ڈگریوں کی تصدیق کا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔ چیئرمین ایچ ای سی نے بتایا کہ الخیر یونیورسٹی سے منسلک بعض اداروں کے بند کرنے کی ہدایت کی گئی تھی، تاہم ہدایات کے باوجود وہاں داخلے جاری رکھے گئے۔ یونیورسٹی حکام نے ایچ ای سی کو مطلوبہ ریکارڈ بھی جمع نہیں کروایا۔ چیئرمین ایچ ای سی کے مطابق 2018 تک یونیورسٹی کو داخلے نہ لینے کی ہدایت کی گئی تھی، جبکہ الخیر یونیورسٹی حکام نے موقف اختیار کیا کہ وہ 2011 سے 2016 تک کے طلبہ کی ڈگریوں کی تصدیق کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ کمیٹی نے الخیر یونیورسٹی کے وائس چانسلر کو اپنے معاملات کے حل کے لیے عدالت سے رجوع کرنے کی ہدایت کردی۔

بقیہ صباء 27

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبہ بھر میں امن و امان کے لیے ہمہ وقت سرگرم عمل پولیس اور دیگر سکیورٹی فورسز کے جوانوں کو بھی سراہا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنے بیان میں امن کی خاطر جان قربان کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور غازیوں کو سلام عقیدت پیش کیا۔ عالمی یوم امن پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے مزید کہا کہ عالمی یوم امن ہمیں برداشت اور رواداری پر عمل پیرا ہونے کے عزم کی یاد دلاتا ہے۔ پاکستان کی تعمیر و ترقی کیلئے پائیدار امن ناگزیر ہے۔ امن ترقی اور خوشحالی کی بنیادی ضرورت ہے۔ امن سے ہی خوشحالی کے پھول کھلتے ہیں، خوشیاں ہر سو چہکتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ معاشرے میں امن کے فروغ کے لئے ہر فرد کو اپنا بھرپور مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب حکومت امن، برداشت اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ صباء 28

جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پارٹی کی پرامن سیاسی، جمہوری اور آئینی جدوجہد کے تحت ملک بھر میں احتجاج، ہڑتالیں اور دھرنے کیے گئے، جبکہ لاہور، پشاور، کراچی، کوئٹہ سمیت متعدد مقامات پر کئی ہفتوں سے احتجاج جاری ہے۔ پارٹی نے 20 ستمبر کو کراچی سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کی قیادت میں اسلام آباد کے لیے ٹرین مارچ بھی شروع کیا۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی کی مذاکراتی کمیٹی نے حکومت کو پٹرولیم لیوی ختم کرنے اور اس کے متبادل محصولات کے لیے چھ تجاویز پیش کی ہیں، جن کا مقصد عوام کو ریلیف دینا، پیداواری لاگت کم کرنا اور معیشت کو سہارا دینا ہے۔

بقیہ صباء 29

امریکا نے دوبارہ حملے کیے تو ہمارے اہداف وہ ہوں گے جو پہلے نشانہ نہیں بنے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں ایرانی میزائلوں اور ڈرونز کا نشانہ بننے والے بیشتر امریکی فوجی اڈے ناکارہ ہو چکے، امریکی فوجیوں، ساز و سامان کو دوسری جگہوں پر منتقل کر دیا گیا ہے، امریکا میں ہمت نہیں کہ اپنی تاریخی اور ذلت آمیز شکست تسلیم کرے۔ جنرل مجنی نے امریکا سے رابطوں کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ امریکا سے رابطہ ہوا نہ کسی سفارتکاری میں شامل ہوئے۔ پاسداران انقلاب ایران کا دفاعی و عسکری بازو ہے، کسی سفارتی سرگرمی میں شامل نہیں ہوتے۔

بقیہ صباء 30

میں عملاً کوئی حکومت نہیں جبکہ سندھ کے بعض علاقوں میں ڈاکو راج ہے۔ انہوں نے کہا کہ طاقتور ادارے حکومت چلا رہے ہیں جو آئین، قانون اور اخلاق کے پابند نہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ قرضوں کا دبا مسلسل بڑھ رہا ہے اور مہنگائی اتنی بڑھ گئی ہے کہ لوگ اپنا علاج بھی نہیں کروا پا رہے۔ حکمرانوں کی آنکھیں اور کان بند ہیں، وہ نہ دیکھتے ہیں نہ سنتے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں دو جماعتوں کے مظاہروں کا اعلان کردیا گیا جبکہ کشمیر میں تین ماہ سے لوگ احتجاج کر رہے ہیں اور حکمران اپنے وعدوں سے مکر چکے ہیں۔

بقیہ صباء 31

پیغام ان تک پہنچا دیا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ متعلقہ لوگوں سے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے اقدامات سے گریز کیا جائے، عمران خان کے خاندان اور رہنماؤں کے ساتھ روا رکھا جانے والا سلوک افسوسناک ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ گرفتاریاں صورتحال کو مزید سنگین کردیں گی، اب وقت ہے کہ حالات کو مزید بگڑنے سے روکا جائے، کشیدگی کم کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ صباء 32

نے ایران کو تباہ کرنے کی دھمکی دیتے ہوئے ساتھ ہی ایران کے صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات کا اشارہ بھی دے دیا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے لیے 3 آپشن بھی دیے اور کہا کہ یا تو ایران کو تباہ کردیا جائے یا اس کی معیشت کو برباد کردیا جائے یا پھر ایران معاہدہ کرلے۔ ٹرمپ نے دھمکی دی کہ اس سے پہلے کہ ایران کو تباہ اور اس کی معیشت کو برباد کردیا جائے ایران کو اپنا رویہ درست کرنا ہوگا۔ امریکی صدر نے کہا کہ امریکا ایران جنگ سے متعلق فیصلہ کن مرحلے پر پہنچ چکے ہیں، خطے میں بڑی تبدیلیاں ہونے والی ہیں، ایران سے متعلق بڑے فیصلے کا وقت آ چکا ہے۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ وہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر وہ ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات بھی کرسکتے ہیں۔

بقیہ صباء 33

جہاں تمام معاملات پر اطمینان کے ساتھ اپنا موقف پیش کیا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز رانا سفاری پارک پھولنگر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ، سینئر نائب صدر رانا فاروق سعید، سیکرٹری اطلاعات شہزادہ سعید چیمہ، ثمینہ خالد گھرکی سمیت دیگر پارٹی رہنما بھی موجود تھے۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ آج چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ ہے جسے پارٹی کارکنان اور رہنما مل کر منا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مقام سے پاکستان پیپلز پارٹی کا رانا شوکت کی وجہ سے ایک عظیم اور تاریخی رشتہ وابستہ ہے۔

بقیہ صباء 34

عالم سے تعلق رکھنے والے راہنما و زعما، علماء کرام و مشائخ عظام اور سماجی شخصیات نے شرکت و خطاب کیا جن میں بشپ پاسٹر انور فضل، پاسٹر، یعقوبن شکرگوی آف تابیرا، بشپ ندیم کامران، علامہ زبیر احمد ظہیر، حافظ شاہد حمید اشرفی، پنڈت بھگت لعل، پیر سید سعادت علی شاہ، سردار رنجیت سنگھ گیانی، علامہ مختار احمد ندیم، علامہ رشید ترابی، مفتی فتح محمد راشدی، حافظ کاظم رضا نقوی، قاضی عبدالغفار قادری، سردار اجمل خان چانڈیہ، مولانا احسان اللہ تہیم، مولانا عبیداللہ قادری، مولانا عبدالستار نیازی، علامہ نعیم بادشاہ، حافظ سید محمد عبدالرزاق آزاد، مفتی محمد احمد، مفتی شفیق اعوان، پیر اجمل قادری، مفتی غلام یٰسین قادری، پادری زمان سلطان، حافظ حامد بلوچ، سردار رنجیت سنگھ، پنڈت عاشق رام، حافظ نعمان حامد، حافظ عمر بن عبدالعزیز، صاحبزادہ سید عبدالقدیر آزاد، صاحبزادہ سید عبدالبصیر آزاد، صاحبزادہ سید عبدالرازق آزاد، علامہ ارشد حسین عابدی، حاجی غلام حسین محمدی و دیگر سماجی شخصیات کثیر تعداد میں شریک تھے۔

بقیہ صباء 35

مذاکرات کے مطالبات دہراتے ہوئے بحری ناکہ بندی ختم کرنے، منجمد ایرانی اثاثے جاری کرنے اور حملے روکنے کی شرائط کو برقرار رکھیں، تاہم جنگی ہرجانے اور تعمیر نو کے لیے رقم کے مطالبات کا ذکر نہیں کیا۔ مارک فائنگل کے مطابق یہ اس بات کی واضح علامت ہے کہ سخت بیانات کے باوجود ایران پر امریکا کی جانب سے جاری دباؤ کے کچھ اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس صورت حال سے ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں فریق آئندہ ہفتوں میں مذاکرات کے لیے گنجائش تلاش کر رہے ہیں۔

بقیہ صباء 36

کو بار بار کرایا جائے اور اگر کوئی شخص کسی جرم میں ملوث ہے تو اسے عدالتوں کے سامنے پیش کیا جائے۔ اپنے دور وزارت اعلیٰ کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہوں نے دو بجٹ پیش کیے تھے جن کی مجموعی مالیت 14 ارب روپے تھی، جبکہ ان میں سے 12 ارب روپے غیر ترقیاتی بجٹ کے لیے مختص تھے۔ ان کے مطابق اس دور میں تعلیم کے فروغ کے لیے سوراب میں ایک کالج کی بنیاد رکھنے سمیت دیگر اقدامات بھی کیے گئے۔ زمینوں پر قبضے اور لوگوں کو بے دخل کرنے سے متعلق اپنے بیٹے گورگین مینگل پر عائد الزامات کے حوالے سے سردار اختر مینگل نے کہا کہ اسی نوعیت کے الزامات ان کے والد سردار عطاء اللہ مینگل اور خود ان پر بھی عائد کیے جاتے رہے ہیں، اور اب یہی الزام ان کے بیٹے پر بھی لگایا جا رہا ہے۔

بقیہ صباء 37

نورین نیازی کو ڈپٹی کمشنر لاہور کے احکامات پر تیس دن کے لیے نظر بند کیا گیا۔ پولیس کی سفارش پر تین ایم پی او کے تحت نظر بندی کی گئی جبکہ علیمہ خانم کے دونوں بیٹوں کو رہا کر دیا گیا۔ عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کو رات گئے کوٹ لکھپت جیل منتقل کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے علیمہ خانم کی رہائشگاہ سے ان کی بہنوں اور بھانجوں کو حراست میں لیا اور انہیں بکتر بند گاڑی کے ذریعے منتقل کیا گیا۔ عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کو دیگر کے ہمراہ رات گئے گرفتار کیے جانے کے بعد دیگر اہل خانہ کو چھوڑ دیا گیا، دونوں بہنوں کو 30 روز کے لیے نقص امن کے خطرے کے پیش نظر جیل بھجوایا گیا۔

بقیہ صباء 38

ملاقات کی۔ ترجمان بی آئی ایس پی کے مطابق ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں، محنت کش طبقے کے مسائل اور سماجی تحفظ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام مستحق اور کم آمدن والے خاندانوں کو سماجی تحفظ فراہم کرنے کے لیے اہم کردار ادا کر رہا ہے، پروگرام میں شفافیت، سہولت اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مستحق خواتین تک امداد کی رسائی کو مزید آسان بنایا جا رہا ہے۔ ملاقات میں محنت کش طبقے اور کم آمدن افراد کے لئے سماجی تحفظ کے اقدامات کو مزید مؤثر بنانے اور عوامی فلاح کے لئے باہمی رابطہ و تعاون جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ سابق وفاقی وزیر ساجد حسین طوری اور پیپلز پارٹی لیبر ونگ خیبر پختونخوا کے صدر شاہ ذوالفقار نے بی آئی ایس پی کے اقدامات کو سراہتے ہوئے مستحق خاندانوں تک سہولیات کی فراہمی کی کاوشوں کی تعریف کی۔

بقیہ صباء 39

میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے بین الاقوامی برادری سے رابطے میں رہے۔ عرب ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شہزادہ فیصل نے کہا مملکت اس اجلاس کی کارروائی کو ان اصولوں کی تجدید کا ایک موقع سمجھتی ہے جن کی بنیاد پر بین الاقوامی ادارے قائم کیے گئے تھے جن میں سرفہرست اقوام متحدہ ہے۔ سعودی سفارت کار نے کہا کہ مملکت خطے میں موجودہ پیش رفت کی روشنی میں بین الاقوامی اصولوں کی پاسداری کی ضرورت پر زور دیتی ہے جن میں ریاستوں کی خودمختاری کا احترام، تنازعات کا پرامن حل اور بین الاقوامی آبی گذرگاہوں میں جہازرانی کا تحفظ اور آزادی شامل ہیں۔ شہزادہ فیصل نے ایس پی اے کو یہ بھی بتایا ہے کہ مملکت نے اس سال پائیدار ترقی کو بہت زیادہ اہمیت دی ہے خاص طور پر مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجیز اور ان کا ذمہ دارانہ استعمال تاکہ مختلف شعبوں کی ترقی، ان کی کارکردگی میں اضافہ اور جدت طرازی کی حمایت ممکن ہو۔

بقیہ صباء 40

راستے بند کر کے لوگوں کو نہیں روک سکتی۔ اسلام آباد کو کنٹینرز سے بند کر کے حکومت عوام اور معیشت دونوں کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ انہوں نے حکومت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ کنٹینرز نہ لگاؤ، عوام کو ریلیف دو۔ شہروں کو بند نہ کرو، انسانوں کی شاہراہیں، معیشت کی شاہراہیں، تعلیم اور روزگار کی شاہراہیں کھولو۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پٹرولیم لیوی عوام پر بھتہ ٹیکس ہے۔ عالمی منڈی میں پٹرول کی قیمتیں بڑھتی ہیں تو اس کا اثر پوری دنیا پر پڑتا ہے، مگر پاکستان میں حکومت اضافی ٹیکسوں کے ذریعے سارا بوجھ عوام پر ڈال دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم لیوی کا عالمی مارکیٹ کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں، اس لیے حکومت اسے ختم کرے تاکہ کرائے اور روزمرہ استعمال کی اشیا سستی ہوسکیں۔ جماعت اسلامی کی تحریک کا واحد مطالبہ پٹرولیم لیوی کا خاتمہ اور عوام کو حقیقی ریلیف دینا ہے۔

بقیہ صباء 41

کرنے اور ٹیکس قوانین کی تعمیل کے لئے موثر موقع فراہم کیا جائے، جبکہ عدم تعمیل کرنے والے ٹیکس دہندگان کے خلاف قانون کے مطابق انفورسمنٹ کے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ ڈیجیٹل نظام، شفافیت، ٹیکس دہندگان کی سہولت اور موثر انفورسمنٹ کے ذریعے ٹیکس بیس کو وسعت دیتے ہوئے صوبائی محصولات میں مزید بہتری لائی جائے۔

بقیہ صباء 42

مشینری اور انجینئرنگ سلوشنز پاکستانی کاروباری افراد، انجینئرز، ٹیکنیشنز اور محنت کشوں کی برسوں کی سرمایہ کاری، تکنیکی مہارت اور محنت کا نتیجہ ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ صنعتی ترقی کا ذکر اکثر نظریاتی طور پر کیا جاتا ہے تاہم یہاں یہ ترقی عملی شکل میں نظر آرہی ہے۔ آٹو موبائل انڈسٹری درستگی، معیار، مستقل مزاجی اور طویل المدتی عزم کا تقاضا کرتی ہے، جو قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس شعبے سے وابستہ کمپنیوں نے مشکل حالات کے باوجود استقامت کا مظاہرہ کیا، مقامی پیداوار کے فروغ میں سرمایہ کاری کی اور اپنے عمل اور سرمایہ کاری کے ذریعے پاکستان کی صنعتی صلاحیت پر اعتماد کا اظہار کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ صنعت کو خام مال تک رسائی، مالیاتی دباؤ، بدلتے ہوئے مارکیٹ حالات اور پالیسیوں میں تسلسل سمیت مختلف چیلنجز کا سامنا ہے، ان معاملات پر صنعت، حکومت اور پارلیمان کے درمیان تعمیری اور مسلسل رابطہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی شعبے کی ترقی ملکی مینوفیکچرنگ، معیشت کی مجموعی مضبوطی سے گہرا تعلق رکھتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ کی حیثیت سے پارلیمان کا اہم کردار ہے کہ وہ پیداواری شعبوں کے مسائل اور نقطہ نظر کو سمجھنے کے لیے مکالمے کا مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرے اور قانون سازی، نگرانی کے ذریعے پائیدار معاشی سرگرمیوں کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے میں اپنا کردار ادا کرے۔

بقیہ صباء 43

برآمدات کے لیے پابندیوں میں نرمی اور خطے میں مزید امریکی فوجی تعیناتی نہ کرنے کی شرائط شامل تھیں۔ ایرانی سکیورٹی چیف نے اس بار امریکا سے جنگی ہرجانے کا مطالبہ نہیں کیا، تاہم جوہری پروگرام کے حوالے سے کہا ہے کہ ایران نے اب تک جوہری ہتھیاروں کی تیاری سے متعلق پابندی برقرار رکھی ہے، لیکن مستقبل میں صورت حال تبدیل ہوسکتی ہے۔ محسن رضائی نے یمن کی جنگ میں ایرانی مداخلت کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران یمن اور سعودی عرب کے درمیان امن کے لیے ثالثی میں مدد کرسکتا ہے۔ انہوں نے آبنائے باب المندب کو بند کرنے کے امکان کو بھی مسترد کردیا۔ دوسری جانب امریکا نے تاحال ایران کی نئی شرائط پر باضابطہ ردعمل نہیں دیا۔ امریکی حکام نے خطے کے متعدد ممالک میں موجود اپنے شہریوں کو سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر محتاط رہنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ صباء 44

اور ڈیزل کی قیمت 280 روپے فی لیٹر تھی جبکہ خام تیل کی قیمت 71 ڈالر فی بیرل تھی، اس وقت قیمت 118 ڈالر فی بیرل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو عوام کی مشکلات کا احساس ہے، وسائل کی تنگی کے باوجود عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں۔

TENDER NOTICE

TSE-2627091196353 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: **In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE I DIVISION QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates
Tender Fee 2,000 PKR

S.No	Name of Work/s	Bid Security
1	Provision Of Missing Facilities At DGACEB Office At Spinny Road Quetta	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 62,689,656 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million)In Relevant Category And Specialized Code is EE02 (Security, Safety Surveillance System), CE10(i) (General Civil Engineering Works) , CE10(v) (Landscaping & Horticulture), EE11(l) (Solar). BPPRA EPPS Challan. Original must be submitted to the undersigned office on last date and time of bid submission Bidding Document Fee in shape of Green Challan. Original must be submitted to the undersigned office on last date and time of bid submission. Bidder must have completed 03 similar assignments as main contractor (not subcontract) worth 80 % of estimated cost in last 3 years. Audit Reports of last 3 years upto June 2026 (Registered Auditor with ICAP QCR Rated) Non-performance of the contract did not occur in the last 10 years. Details of pending litigation (if any), to be provided. Bidders shall not have conflict of interest Bid security of 2% of the estimated cost. Original must be submitted to the undersigned office on last date and time of bid submission **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 05 October, 2026till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System Address: EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE I DIVISION QUETTA C&W Complex NEAR CHAMMAN PATAK MIR JAFAR KHAN JAMALI ROAD QUETTA Phone no: 0812920243
Email: owaispervaiz64@gmail.com

**EXECUTIVE ENGINEER
MAINTENANCE DIVISION-I
QUETTA**

DPRQ/PRQ No.1501/21-9-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dprgob @dgprbalochistan